www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED | حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

صفحات 8 | قیمت 20 روپے

جلد 37 | اتوار 25 اکتوبر 2026ء، بمطابق 13 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 316

وزیر اعلیٰ بلوچستان: اضلاع میں انتظامی ڈھانچے کو مؤثر بنانا، سرکاری اداروں کی فعالیت کو یقینی بنانا وقت کی ضرورت ہے

صوبے میں حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان اسمبلی اپنے حلقوں میں باقاعدگی سے جاتے ہیں اور علاقائی تقریبات میں شرکت کرتے ہوئے عوام سے رابطے میں رہتے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مسلسل تیسرے روز کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے مختلف اضلاع سے آنے والے شہریوں کے مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں

شمالی ڈیرہ بگٹی، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مسلسل تیسرے روز کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے مختلف اضلاع سے آنے والے شہریوں کے مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے قبائلی عمائدین سے بھی ملاقاتیں کیں اور علاقے کے مسائل، ترقیاتی ضروریات اور عوام کو درپیش مشکلات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

دورہ ترکیہ کامیاب اور نتیجہ خیز رہا، اسحاق ڈار

علاقائی امن و استحکام کے لیے دوست ممالک سے تعاون جاری رکھیں گے

پاکستان علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے ترکیہ اور تمام دوست ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا، وزیر خارجہ

اسلام آباد (بولان بیورو) نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

قرآن پاک پر قسم کے بعد فریق اپنے وعدے سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (بولان بیورو) لاہور ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ قرآن پاک پر قسم کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

بیرسٹر امجد ملک کی وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور زیر گفتگو

دس ملین اوورسیز پاکستانی ہر سال پاکستان میں اٹھاون بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرتے ہیں، بیرسٹر امجد ملک

حکومت اوورسیز پاکستانیوں کیلئے پاسپورٹ اور نادرا کی سہولیات کو مزید بہتر کر رہی ہے، طلال چوہدری کی بات چیت

اسلام آباد (بولان بیورو) وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر ا (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)



شمالی ڈیرہ بگٹی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نئے انتظامی دفاتر کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں۔

تمام زیر التوا تنازعات کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے، اعلامیہ

پاکستان، برطانیہ، فرانس سمیت 8 ممالک کا مشرق وسطیٰ میں تنازعات کے سفارتی حل پر زور

آٹھوں ممالک خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے فروغ کے لیے سفارتی اقدامات میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

اجلاس کے موقع پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے ترک ہم منصب حاقان فیدان سے ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی صورت حال، فلسطین اور علاقائی امن و سلامتی پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد/استنبول (بولان بیورو+نیوز ایجنسی) پاکستان، ترکی، سعودی عرب، مصر، فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات، سفارت کاری اور کشیدگی میں کمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام زیر التوا تنازعات کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ ترکی کے شہر استنبول میں ہونے والے آٹھ ملکی اجلاس کے بعد جاری کیے گئے مشترکہ اعلامیے کے مطابق وزرائے (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت پاور سیکٹر کی ڈیجیٹلائزیشن پر بھرپور کام کر رہی ہے، اویس لغاری

اویس لغاری سے ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک کے وفد کی ملاقات، قابل تجدید توانائی اور پاور سیکٹر کی جدید خطوط پر منتقلی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

حکومت پاور سیکٹر کی ڈیجیٹلائزیشن پر بھی کام کر رہی ہے اور جدید اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب اس حکمت عملی کا اہم جزو ہے، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت بینک کے چیف انویسٹمنٹ آفیسر کونستانتین لیمیٹوفسکی کر رہے تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے توانائی شعبے میں سرمایہ کاری، ٹرانسمیشن نظام کی بہتری، قابل تجدید توانائی اور پاور سیکٹر کی جدید خطوط پر منتقلی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر نے وفد کو حکومت کی جاری توانائی اصلاحات اور مستقبل (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

ذرائع آمد و رفت کے منصوبوں کو 2 سال میں تکمیل چاہتے ہیں، عبدالعلیم خان

ذرائع آمد و رفت کے تمام منصوبوں کی اگلے 2 سال میں تکمیل چاہتے ہیں

ایئر چیف کے مشکور ہیں، ان کی ذاتی دلچسپی سے موٹر ویز پر ایئر ایمبولینس کا جلد آغاز ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک سے شراکت داری اور سرمایہ کاری انتہائی اہم ہے، ذرائع آمد و رفت کے تمام اہم منصوبوں کی اگلے 2 سال میں تکمیل چاہتے ہیں، ایئر چیف کے مشکور ہیں، ان کی ذاتی دلچسپی سے موٹر (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

پاکستان کوسٹ گارڈز کی وجہ سے ہمارے ساحلی حالات کافی بہتر ہیں، طلال چوہدری

رواں سال سمگلنگ میں 80 فیصد کمی ہوئی، پاکستان کی ساحلی پٹی کو پر امن بنانے میں کوسٹ گارڈ کے 23 جوانوں نے خون کا نذرانہ پیش کیا

منشیات کی روک تھام اور سمندری راستوں سے غیر قانونی نقل و حمل روکنے میں پاکستان کوسٹ گارڈ کا کردار قابل ستائش ہے، خطاب

کراچی (بولان بیورو) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ رواں سال سمگلنگ میں 80 فیصد کمی ہوئی، منشیات کی روک تھام اور سمندری راستوں سے غیر قانونی نقل و حمل روکنے میں پاکستان کوسٹ گارڈ کا کردار قابل ستائش ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر مملکت طلال چوہدری نے پاکستان کوسٹ گارڈ ریکروٹس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب میں شرکت کی جہاں ڈی جی پاکستان کوسٹ گارڈز میجر جنرل جواد ریاض نے مہمان خصوصی کا استقبال کیا (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)




اسلام آباد: وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر خزانہ: معاشی حالات میں اتار چڑھاؤ پاکستان کیلئے چیلنج ہے

پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ سروسز ایک ارب ڈالر سے بڑھ کر 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جبکہ رواں مالی سال آئی ٹی برآمدات 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے

پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں اور تین ماہ سے زائد کی درآمدات کے لیے کافی ہیں، لاہور میں نجی یونیورسٹی کی تقریب سے خطاب

لاہور (بولان بیورو) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ سروسز ایک ارب ڈالر سے بڑھ کر 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جبکہ رواں مالی سال آئی ٹی برآمدات 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں اور تین ماہ سے زائد کی درآمدات کے لیے کافی ہیں، خام تیل سمیت توانائی کے دیگر ذرائع کی فراہمی کی صورتحال تسلی بخش ہے، تاہم گیس اور ایل این جی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مزید اقدامات کرنا ہوں گے۔ لاہور میں نجی یونیورسٹی کی تقریب سے خطاب میں وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں توانائی کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی، نہ (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)



لاہور: رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ اور ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر چنڑ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

علی پرویز: آبنائے ہرمز بندش سے توانائی سپلائی شدید متاثر ہوئی

ہے، حکومت نے مستقل پیٹرولیم ذخائر قائم کرنے سے متعلق مشاورت مکمل کر لی ہے، تاہم اس مقصد کیلئے تقریباً 30 کروڑ ڈالرز کے اخراجات درکار ہوں گے

پاکستان کو درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنا ہوگا اور مقامی سطح پر تیل و گیس کے ذخائر کی تلاش پر توجہ دینا ہوگی، وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (بولان بیورو) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی توانائی سپلائی شدید متاثر ہوئی، پاکستان کو درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنا ہوگا اور مقامی سطح پر تیل و گیس کے ذخائر کی تلاش پر توجہ دینا ہوگی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

عوام پر مہنگائی کا نیا بم گرانے کی تیاری

بجلی کی قیمتوں میں 1 روپے 72 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

منظوری کی صورت میں اس اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک سمیت ملک بھر کی تمام تقسیم کار کمپنیوں کے صارفین پر ہوگا

اپریل میں پانی سے 21.89 فیصد، مقامی کوئلے سے 15.61 فیصد بجلی بنائی گئی

ایٹمی توانائی سے 22.07 فیصد اور سولر سے پیداوار 1.17 فیصد رہی، ٹرانسمیشن لاسز کی مد میں 1.95 فیصد بجلی ضائع ہوئی

اسلام آباد (بولان بیورو) پاکستان بھر کے بجلی صارفین پر ایک بار پھر مہنگائی کا نیا بم گرانے کی تیاری کر لی گئی ہے، اپریل کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے لیے سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے رجو (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور بحرین کا تجارت، سرمایہ کاری میں تعاون پر اتفاق

بحرینی وزیر خارجہ کا بحرین کی ترقی اور خوشحالی میں پاکستانی برادری کے قابل قدر کردار کا اعتراف

پاکستان اور بحرین کے درمیان قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (بولان بیورو) نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بحرین کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا ہے کہ قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کیلئے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے جبکہ بحرین کے وزیر (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

فالس فلیگ آپریشن بھارتی روایت ہے، پاکستان ہر لمحہ تیار ہے، دفتر خارجہ

مکہ معاہدہ مشترکہ دفاعی تعاون کیلئے ہے، اس میں کوئی خفیہ شق شامل نہیں، ترجمان سجاد حیدر خان

اسلام آباد (بولان بیورو) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ فالس فلیگ آپریشن کرنا بھارتی روایت ہے جس کیلئے پاکستان ہر لمحہ تیار ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے قیاس آرائیوں پر دفتر خارجہ نے وضاحت پیش کرتے ہوئے تمام خفیہ نکات کی تردید کر دی ہے اور حوالے سے اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بتایا کہ پاکستان اور سعودی عرب نے مکہ معاہدے کی تو (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اردن میں چرچ پر دہشت گرد حملے کی مذمت

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نیارڈن کے جنوبی گورنریٹ کرک میں چرچ کے اندر نماز جنازہ کے دوران ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطا (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

افغانستان میں طالبان مخالف گروپس کی گوریلا کارروائیاں تیز

گروپوں کا طالبان رجیم کیخلاف صوبہ تخار، پروان اور بدخشاں میں مربوط کارروائیوں کا دعویٰ

کابل (این این آئی) افغان طالبان رجیم کے خلاف مسلح کارروائیوں میں مسلسل تیزی آ گئی ہے۔ طالبان مخالف مسلح گروپوں نے طالبان رجیم کیخلاف صوبہ تخار، پروان اور بدخشاں میں مربوط کارروائیوں کا دعویٰ کیا۔ افغانستان کے سابق جنرل یاسین ضیا کی تنظیم افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ تخار کے دارالحکومت تالقان میں طالبان کی انٹیلی جنس ٹیم پر گوریلا حملہ ہوا جس میں (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ایمان مزاری کا 342 کا بیان ریکارڈ کرانے سے انکار

راولپنڈی (این این آئی) کار سرکار میں مداخلت اور بیریئر ہٹانے کے معاملے میں ایمان مزاری نے 342 کا بیان ریکارڈ کرانے سے انکار کر دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) راولپنڈی کے جج طاہر عباس سپرا نے ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں کی۔

خیبر پختونخوا، نیب حرکت میں آ گیا، سہیل آفریدی ریڈار پر، سابق وزرا کا ریکارڈ طلب

پی ٹی آئی کے دور میں غیر قانونی بھرتیوں اور کرپشن میں ملوث افسران کیخلاف بھی گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے، ذرائع

پشاور (بولان بیورو) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت ختم ہونے کے بعد نیب حرکت میں آ گیا، نیب ذرائع کے مطابق غیر فعال وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نیب کے ریڈار پر ہیں، جبکہ سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور، سابق وزرا فضل حکیم اور ڈاکٹر امجد کے اثاثوں کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب خیبر پختونخوا نے غیر فعال وزیر اعلیٰ کے دور حکومت کے دوران مخلف (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

فتنہ الہندوستان کا معصوم بچوں کے استحصال اور دہشتگردی میں استعمال کا ہوشربا انکشاف

سوشل میڈیا پر رابطے کے بعد پیسوں کا لالچ دے کر تنظیم میں شمولیت اور دہشت گردی کی ترغیب دی گئی، بھائیوں کی روداد

پنجگور سے تعلق رکھنے والے دو کم عمر بھائیوں گہرام اور فہد کا فتنہ الہندوستان سے لاتعلقی کا اعلان، سکیورٹی فورسز کے سامنے سرنڈر کر دیا

پنجگور (بولان بیورو) فتنہ الہندوستان کی جانب سے معصوم بچوں کے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

سچائی اور حقائق پر مبنی بیانیے کی جنگ میں پاکستان کی جیت کا بھارت نے بھی اعتراف

پاکستان نے کئی دہائیوں سے اپنے مؤقف کو منظم انداز میں پیش کرنے پر مسلسل کام کیا اور کامیاب رہا، سابق ڈپٹی نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر

خلیجی جنگ کے تناظر میں ایران نے پاکستان پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا جو پاکستان کی علاقائی اہمیت اور سفارتی حیثیت کو ظاہر کرتا ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) بھارت پاکستان کے خلاف اپنے گمراہ کن بیانیے کی ترویج کے لیے تمام وسائل اور پراکسیز استعمال کر رہا ہے تاہم مودی حکومت کے جھوٹ اور (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

ایران کیخلاف ایک اور آپریشن کیا جا سکتا ہے، ٹرمپ

تمام جنگیں رکوانا اعزاز ہے۔ جنگیں رکوانے کے لیے اقوام متحدہ نے مدد نہیں کی

8 میں سے 5 جنگیں ٹیرف کے ذریعے رکوائیں، پھر بھی نوبیل انعام نہیں ملا، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کا اگلے ماہ دورہ روس متوقع، صدر پوتن سے ملاقات ہوگی

دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، سفارتی، تجارتی، اقتصادی اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جائیگی

ماسکو (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کا 30 نومبر سے روس کا چار روزہ سرکاری دورہ متوقع ہے جس کے دوران وہ روسی صدر ولادیمیر پوتن سے اہم ملاقات (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

این ایچ اے کے مالیاتی استحکام کا حصول اولین ترجیح ہے، احد چیمہ

پی سی ون میں منصوبوں کے تجارتی اعتبار سے منافع بخش ہونے کی وضاحت زیادہ حقیقت پسندانہ اشاریوں کے ساتھ کی جائے

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ نے کہا ہے کہ این ایچ اے کے مالیاتی استحکام کا حصول اولین ترجیح ہے۔ وفاقی (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

بھاری ٹیکسوں کے بعد بھی حکومت بنیادی حقوق نہیں دے رہی، حافظ نعیم الرحمٰن

عام آدمی فی لیٹر پٹرول پر ایک سو ستر روپے، بجلی بل پر بیسیوں قسم کا ٹیکس دیتا ہے۔ بجلی کے بلوں میں بھی بے شمار ٹیکس شامل کر دیے گئے ہیں

کراچی سے شروع ہونے والا بنو قابل پروگرام چاروں صوبوں، آزاد کشمیر تک پھیل گیا، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا گریجوایشن تقریب سے خطاب

لاہور (بولان بیورو) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت کی معاشی اور تعلیمی پالیسیوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ عوام سے پٹرول، بجلی اور دیگر بنیادی ضروریات پر بھاری ٹیکس وصول کیے جا رہے ہیں لیکن اس کے باوجود حکومت تعلیم، آئی ٹی اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے کچھ نہیں کر رہی، موٹر سائیکل چلانے والا شخص بھی ہر لیٹر پٹرول پر 117 روپے لیوی اور 50 روپے اضافی ٹیکس ادا کر رہا ہے جبکہ بجلی کے بلوں میں بھی بے شمار ٹیکس شامل کر دیے گئے ہیں، جن لوگوں پر ٹیکس لگ رہا ہے، مگر ریاست اپنی بنیادی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہے (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)



برلن میں میر علی حسن زہری غیر ملکی سرمایہ کاروں سے مصافحہ کر رہے ہیں

پاکستان مختلف شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے، صدر زرداری

سیمنز کئی دہائیوں سے پاکستان میں موجود ہے اور کراچی سمیت پاکستان کے تین بڑے شہروں میں اس کے 100 سے زائد ملازمین خدمات انجام دے رہے ہیں

صدر مملکت آصف علی زرداری کا انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی خدمات کے لیے تحقیق و ترقی اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی حل اپنانے پر زور

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان میں صحت کی سہولیات کو نمایاں طور پر بہتر بنانے کے لیے تحقیق پر مبنی اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ حل اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جرمنی کی معروف کمپنی سیمنز ہیلتھ کے حکام سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان، سیمنز ہیلتھ ڈویژن جیسے اداروں کی جانب سے صنعتی، تکنیکی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں فراہم کردہ تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ سیمنز کئی دہائیوں سے پاکستان میں موجود ہے اور کراچی سمیت پاکستان کے تین بڑے شہروں میں اس کے 100 سے زائد ملازمین خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سیمنز کے ایگزیکٹو (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ عالمی امن کے فروغ اور تنازعات کے حل کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، طارق فضل

ہمیں ایسی دنیا کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے جہاں امن غالب ہو اور انصاف قائم ہو

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اقوام متحدہ کے دن کے موقع پر وزارت پارلیمانی امور کی جانب سے جاری کیے گئے خصوصی پیغام میں امن، انصاف، انسانی وقار اور عالمی تعاون کے اصولوں سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ عالمی امن کے فروغ اور تنازعات کے حل کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی: سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کے گھر چوری ہو گئی

راولپنڈی: (اے ایف پی) راولپنڈی میں جاتلی کے علاقے ڈھوک امب میں سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کے گھر چوری ہو گئی۔ راجہ پرویز اشرف کے پرسنل سیکرٹری طیب فضل (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

اگلے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کے حمایت یافتہ ہوں گے، کامران مرتضیٰ

محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر ہیں، ہم ان کا احترام کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نہیں بنیں گے، گفتگو

اسلام آباد (بولان بیورو) رہنما جمعیت علمائے اسلام سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے اگلے وزیر اعلیٰ وفاقی حکومت کے حمایت یافتہ ہوں گے، پی ٹی آئی سے بندہ توڑ کر آئندہ وزیر اعلیٰ کے پی کیلئے تیار کر لیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر ہیں، ہم ان کا احترام کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نہیں بنیں (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

بچوں میں ایچ آئی وی پھیلنے پر وفاقی سطح کی جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ

کراچی: (اے ایف پی) لاڑکانہ کے ہسپتال میں مبینہ طبی غفلت سے بچوں میں ایچ آئی وی پھیلنے کے معاملے پر متاثرہ بچوں کے وکیل طارق منصور نے وفاقی حکومت سے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ متاثرہ بچوں کا مقدمہ لڑنے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

ایس آئی ایف سی کے تحت پاکستان میں کاروبار کے قواعد و ضوابط کی تشکیل نو

557 اصلاحات کی منظوری، کاروباری شعبے کو سالانہ 460 ارب روپے کی ممکنہ بچت

اسلام آباد (بولان بیورو) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) آسان کاروبار اصلاحاتی پروگرام کے تحت کاروباری ضوابط کو سادہ بنانے، تعمیل کے اخراجات کم کرنے اور سرمایہ کاری و کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی تشکیل کے سلسلے میں ملک گیر کوششوں کو مربوط کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں وزیر اعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارو (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن اسلام آباد میں اے آئی ہیکاتھون سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب، خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث سعودی عرب جانے والی بیشتر پروازیں منسوخ

لاہور (این این آئی) سعودی عرب اور خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث لاہور ایئرپورٹ سے سعودی عرب جانے والی بیشتر پروازیں سکیورٹی خدشات کے باعث منسوخ کر دی گئیں جبکہ متعدد پروازیں تکنیکی خرابی کے باعث تاخیر کا شکار رہیں۔ ایئرپورٹ ذرائع (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پنجاب اور آذربائیجان کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی آذربائیجان کے وزیر اقتصاد مائیکل جباروف سے تفصیلی ملاقات

اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کی سہولت کاری کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا باضابطہ فیصلہ

لاہور / باکو (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آذربائیجان کے وزیر اقتصاد مائیکل جباروف سے تفصیلی ملاقات کی جس میں پنجاب اور آذربائیجان کے درمیان دوطرفہ اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری کے روابط اور ادارہ جاتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد: قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان پارلیمنٹ ہاؤس میں صدر بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ ملک عیسیٰ کاکڑ کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا، ٹمبر مافیا، غیر قانونی سمگلنگ، غیر مجاز آرا مشینوں کے خلاف کریک ڈاؤن

محکمہ موسمیاتی تبدیلی جنگلات ماحولیات وجنگلی حیات خیبر پختونخوا نے آپریشن کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی

سیکرٹری جنگلات خیبر پختونخوا کا ٹمبر کی غیر قانونی سمگلنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی خصوصی ہدایات، خیبر پختونخوا حکومت کی گڈ گورننس پالیسی اور جنگلاتی جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس حکمت عملی کے تحت محکمہ موسمیاتی تبدیلی، جنگلات، ماحولیات وجنگلی حیات نے صوبہ بھر میں ٹمبر مافیا، غیر قانونی لکڑی کی سمگلنگ میں ملوث عناصر اور غیر مجاز آرا مشینوں کے خلاف ایک غیر معمولی، ہمہ گیر اور فیصلہ کن کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا ہے۔ یہ مہم صوبے کے قدرتی وسائل کے تحفظ، جنگلات کے استحکام اور قانون کی بلا امتیاز عملداری کی جانب ایک مضبوط اور تاریخی قدم قرار دی جارہی ہے۔ یہ وسیع پیمانے پر انسدادِ سمگلنگ مہم سوشل میڈیا پر مختلف علاقوں میں غیر قانونی درختوں کی کٹائی اور جنگلاتی پیداوار کی غیر قانونی نقل وحمل سے متعلق سامنے آنے والی رپورٹس اور عوامی خدشات کے فوری نوٹس کے بعد شروع کی گئی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے معاملے کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، پولیس حکام اور محکمہ جنگلات کو ہدایت جاری کی کہ جنگلاتی وسائل کے تحفظ اور جنگلاتی قوانین کے مؤثر نفاذ کے لیے مربوط، نتیجہ خیز اور بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ یہ اقدامات صوبائی حکومت کے اس عزم کا عملی اظہار ہیں کہ خیبر پختونخوا کے جنگلات، قدرتی ذخائر اور ماحولیات کو ہر قیمت پر محفوظ بنایا جائے گا اور کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی، جنگلات، ماحولیات وجنگلی حیات جنید خان کی قیادت اور خصوصی ہدایات پر صوبے بھر کے تمام جنگلاتی چیک پوسٹوں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا، جبکہ خصوصی گشت کرنے والی ٹیموں کو متحرک کرتے ہوئے غیر قانونی لکڑی اور جنگلاتی پیداوار کی نقل وحمل کی روک تھام کے لیے بھرپور کارروائیاں شروع کی گئیں۔ تمام فیلڈ فارمیشنز کو اپنی حدود میں چوبیس گھنٹے نگرانی یقینی بنانے، جنگلاتی علاقوں میں مسلسل گشت بڑھانے اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی پر فوری ردعمل دینے کی ہدایت کی گئی۔ اس مہم میں محکمہ جنگلات، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے درمیان مثالی اشتراکِ عمل نے ماحولیاتی جرائم کے خلاف ApproachGovernment-of-Whole کو عملی شکل دی ہے۔ اپ سکیلنگ گرین پاکستان پروگرام کے پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد جنید دیار کی جانب سے مرتب کردہ تفصیلی رپورٹ کے مطابق یکم مئی سے 19 مئی 2026 تک جاری کارروائیوں نے انتہائی حوصلہ افزا اور نمایاں نتائج دیے ہیں۔ اس مختصر مدت کے دوران صوبہ بھر میں 233 چھاپے اور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں جن کے نتیجے میں 6,770 مکعب فٹ غیر قانونی لکڑی اور 73,105 کلوگرام ایندھن کی لکڑی ضبط کی گئی، جبکہ غیر قانونی نقل وحمل میں استعمال ہونے والی 59 گاڑیاں قبضے میں لی گئیں۔ مزید برآں 53 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 31 غیر قانونی آرا مشینیں مسمار یا بند کی گئیں اور 83 لاکھ 74 ہزار روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ یہ اقدامات اس امر کا واضح ثبوت ہیں کہ جنگلاتی جرائم کے خلاف ریاستی رٹ پوری قوت کے ساتھ نافذ کی جارہی ہے۔ محکمہ جنگلات نے اکیلے 141 کارروائیاں انجام دیں جن میں 5,410 مکعب فٹ لکڑی اور 71,195 کلوگرام ایندھن کی لکڑی ضبط کی گئی، 52 گاڑیاں قبضے میں لی گئیں اور مختلف مقدمات کے اندراج کے ساتھ 53 لاکھ 46 ہزار روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔

پنجاب میں انسدادِ سموگ کارروائیاں تیز، 7 صنعتی یونٹس اور 4 بھٹے سیل

لاہور: (اے ایف پی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب بھر میں انسدادِ سموگ کارروائیاں تیز کر دی گئیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 221 صنعتی یونٹس اور 354 اینٹوں کے بھٹوں کی انسپکشن کی گئی، خلاف ورزیوں پر 7 صنعتی یونٹس اور 4 بھٹے سیل جبکہ ایک صنعتی یونٹ اور ایک بھٹہ مسمار کردیا گیا ہے۔

بلوچستان نیشنل پارٹی سوراب کی جیند بنگلزئی کے قتل کی شدید مذمت، اظہارِ تعزیت

حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے

سوراب (نمائندہ بولان) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع سوراب کے صدر عبداللطیف قلندرانی، جنرل سیکرٹری سلطان امام بلوچ، نائب صدر ڈاکٹر عبدالمالک رودینی، فنانس سیکرٹری ظفر جان مینگل، سابق ضلعی جنرل سیکرٹری امان اللہ مینگل، سابق ضلعی صدر میر عبدالرحمٰن گرگناڑی، شاکر بلوچ، صالح جان مینگل اور دیگر رہنماوں وکارکنان نے پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق رکن صوبائی اسمبلی میر احمد نواز بلوچ کے بھتیجے جیند بنگلزئی کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماں نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹارگٹ کلنگ اور بے گناہ افراد کا قتل انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت عمل ہے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے۔



دکی: ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی پی پی ایچ آئی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سوراب میں گیس کی عدم فراہمی عوام کے ساتھ ناانصافی ہے، شہری اتحاد

متعلقہ منتخب نمائندے گیس کی عدم فراہمی کا فوری نوٹس لیں، متعلقہ حکام سے جواب طلب کریں

سوراب (نمائندہ بولان) سوراب شہری اتحاد نے سردی کے موسم میں گیس کی عدم فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس جیسی بنیادی سہولت سے محرومی عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ ایم این اے مولانا عبدالغفور حیدری کی خاموشی بھی عوامی حلقوں میں تشویش کا باعث بن رہی ہے۔ شہری اتحاد کے مطابق عوام نے منتخب نمائندوں کو اپنے مسائل حل کرنے کے لیے منتخب کیا ہے، خاموش رہنے کے لیے نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ منتخب نمائندے گیس کی عدم فراہمی کا فوری نوٹس لیں، متعلقہ حکام سے جواب طلب کریں اور سوراب کے عوام کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ اب محض وعدوں کے بجائے عملی اقدامات اور جواب دہی کی ضرورت ہے۔

لوئر دیر کے علاقوں میں خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی، 5 بچے جاں بحق

لوئر دیر (اے ایف پی) لوئر دیر کے دو علاقوں میں خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی، جس سے 5 بچے جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لوئر دیر کے دور افتادہ علاقوں غوڑاہ بانڈہ اور خوڑ بانڈہ میں خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی ہے، جس کے نتیجے میں 5 بچے جاں بحق جبکہ کئی دیگر متاثر ہوئے ہیں۔ واضح رہے کہ خسرہ سے متاثرہ متعدد بچے علاج کی غرض سے مختلف ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ حکام کے مطابق تشویش ناک صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی ٹیمیں ہائی الرٹ پر ہیں۔



حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی حب میں مختلف شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ میں مزید پانچ میچوں کے فیصلے ہوگئے

حماد الرحمان 100 رنز کی شاندار سنچری، تیمور رحمان 6/14 کی تباہ کن بالنگ


کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام منعقدہ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کراچی ریجن میں گزشتہ روز مزید پانچ میچز کا فیصلہ ہوگیا۔ سینٹ جوڈز اسکول نے گریس اکیڈمی آف لرننگ سیکنڈری اسکول کو 8 وکٹوں سے ہرادیا۔ اینٹلیکٹ اسکول کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 115 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عثمان اقبال نے 41 اور شفین شاکر نے 35 رنز بنائے۔ ایان علی نے 18 رنز دے کر 4، ابوبکر نے 29 رنز دے کر 3 جبکہ حارث خان نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں گریس اکیڈمی نے 2 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 119 رنز بنا لیے۔ مسعود علی نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 13 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 80 اور محمد حسان نے 24 رنز کی اننگز کھیلی۔ دوسرے میچ میں اینگلو پاک اسلامک اسکول نے ڈی ایس ایس انٹرنیشنل اسکول کو 92 رنز سے ہرادیا۔ اینگلو پاک اسلامک اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 198 رنز بنائے۔ عبدل ہادی نے 45، محمد مظفر نے 27 اور محمد علی نے 24 رنز بنائے۔ عامل نے 42 رنز دے کر 3، محمد علی حبیب اور محمد ساہر نے 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ڈی ایس ایس انٹرنیشنل اسکول کی ٹیم 106 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ محمد خضر نے 34 اور محمد علی حبیب نے 26 رنز بنائے۔ تابش عباسی نے 17 رنز دے کر 4، توقیر احمد، احمد رضا اور دانیال افضل نے 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ تیسرے میچ میں ممتاز گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نے ابراہیم علی بھائی گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول میٹرول کو 128 رنز سے ہرادیا۔ ممتاز گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 8 وکٹوں کے نقصان پر 273 رنز بنائے۔ شکیل الرحمان نے 7 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 73، محمد ندیم نے 47، امان اللہ شیخ نے 37 اور سید احمد حسین نے 33 رنز بنائے۔ محمد حسین اور امیر معاویہ نے 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ابراہیم علی بھائی گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول میٹرول 145 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ مظہر الحق 3 چوکوں کی مدد سے 50 اور محمد حسین نے 30 رنز بنائے۔ محمد جمرانی نے 22 اور امان اللہ شیخ نے 24 رنز دے کر 3-3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ چوتھے میچ میں ای اے گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر 10 اورنگی ٹاؤن نے میجر ضیا الدین گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول کو 10 وکٹوں سے ہرادیا۔ میجر ضیا الدین گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 61 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ تیمور رحمان نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 14 رنز دے کر 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ای اے بی گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر 10 اورنگی نے بغیر کسی نقصان کے 66 رنز بنالیے۔ محمد طلحہ نے 32 اور محمد زاہد نے 26 رنز بنائے اور دونوں آؤٹ نہیں ہوئے۔

ذاتی طور پر ایمرجنسی کے حق میں نہیں، جمہوری حکومت ہونی چاہیے، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ وہ ذاتی طور پر ایمرجنسی کے نفاذ کے حق میں نہیں ہیں اور ملک میں جمہوری حکومت ہونی چاہیے، تاہم ان کے بقول خیبر پختونخوا میں ریاست دشمن عناصر کی سہولت کاری روکنے کے لیے ایمرجنسی نافذ کرنا پڑی۔ ٹورنٹو میں پاکستانی کمیونٹی سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی آئین کے مطابق نافذ کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر ایمرجنسی کے نفاذ کو پسند نہیں کرتے اور جمہوری حکومت کے قیام کے حامی ہیں۔

جامعہ کراچی میں پروگرامز اور تقریبات کے انعقاد کے لیے وائس چانسلر کی پیشگی منظوری لازمی قرار

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کی انتظامیہ نے یونیورسٹی میں تمام پروگرامز، سیمینارز، کانفرنسز اور دیگر تقریبات کے انعقاد کے لیے وائس چانسلر کی پیشگی منظوری لازمی قرار دے دی ہے۔ اس حوالے سے رجسٹرار جامعہ کراچی کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، جس میں تمام رئیس کلیات (ڈینز)، ڈائریکٹرز اور شعبہ جاتی سربراہان کو ہدایات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔



حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کاروان کی دعوت ولیمہ میں شرکت موقع پر دولہا کے ہمراہ لیا گیا فوٹو اس موقع پر بھوتانی عوامی کاروان کے سینئر رہنماوں وکارکنان بھی موجود ہیں

محمد ندیم بحرانی نے پولیس افسر ایس ایچ او جمیل اصغر کی یاد تازہ کردی ہے، محمد حنیف بختیار زئی بلوچ

پولیس کی مؤثر حکمت عملی سے شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے اور جرائم کی روک تھام میں مدد ملتی ہے

اوستہ محمد (نمائندہ بولان) اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ ایس ایچ او تھانہ اوستہ محمد ندیم بحرانی نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر اور کامیاب کارروائیاں کرکے سابق نڈر پولیس افسر ایس ایچ او جمیل اصغر کی یاد تازہ کردی ہے۔ جس پر پولیس افسر محمد ندیم بحرانی اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ندیم بحرانی کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں قابل ستائش ہیں۔ پولیس کی مؤثر حکمت عملی سے شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے اور جرائم کی روک تھام میں مدد ملتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

جامعہ کراچی کے غیر تدریسی ملازمین کے لیے مفت دانتوں کی صفائی کی سہولت فراہم کرنے کا اقدام

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کی انتظامیہ نے پان، گٹکا، ماوا، مین پوری، نسوار اور تمباکو کے استعمال کرنے والے غیر تدریسی ملازمین کی زبانی صحت بہتر بنانے اور انہیں منہ کے سرطان سمیت دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے لیے مفت دانتوں کی صفائی کی سہولت دینے کا اقدام کیا ہے۔ جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی کی خصوصی ہدایات پر شروع کیے گئے اس اقدام کا مقصد ملازمین کو دانتوں کی صفائی کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔ اشیاء کے استعمال کے نقصانات سے روشناس کرانا ہے۔

سردارزادہ محمد عرفان صالح بھوتانی اور سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب آمد

مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے تعزیتیں کیں، شادی کی تقریب میں شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) سردارزادہ محمد عرفان صالح بھوتانی اور سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب آمد، مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے تعزیتیں کیں، شادی کی تقریب میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق ہفتہ کے روز سردارزادہ محمد عرفان صالح بھوتانی اور سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے حب آمد کے موقع پر بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما حاجی کریم لانگو کے والد کے انتقال پر لانگو فارم ہاؤس بھوانی جاکر تعزیت وفاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی علاوہ ازیں سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے سابق ڈی ای او حب ماسٹر مراد بلوچ کے انتقال پر ان کے صاحبزادے ڈی ایس پی BC کلیم اللہ بلوچ سے تعزیت وفاتحہ خوانی کی سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے لعل محمد گوٹھ پیرکس میں اشرف ساجدی سے ان کے والد نبی بخش ساجدی کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی اس موقع پر بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنماؤں کی کثیر تعداد میں موجود تھی بعدازاں سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی نے رسول بخش پیچوہو کے فرزند نوید علی کی دعوت ولیمہ کی تقریب میں شرکت کی اس موقع پر منتظمین نے سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی شادی ہال پہنچنے پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور روایتی اجرک پہنا کر پرجوش انداز میں ویلکم کیا



کراچی: لوک سہائتا 54 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں کھلاڑی ایکشن میں نظر آرہے ہیں۔

گنداخہ: چیئرمین میونسپل کمیٹی کا فائر بریگیڈ آفس کے تعمیراتی کام کا معائنہ، جلد مکمل کرنے کی ہدایت

سوشل ورکر نور محمد جمالی، پریس کلب گنداخہ کے صدر سلیم گوپانگ، نور حسن جمالی، ملاں علی حسن جمالی ودیگر بھی موجود تھے

گنداخہ (نمائندہ نور حسن جمالی) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گنداخہ منیر احمد کھجک اور محمد یاسین جمالی نے زیر تعمیر فائر بریگیڈ آفس کے تعمیراتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے موقع پر نیشنل بینک برانچ گنداخہ کے مینیجر محمد حسین عمرانی، میر بجار خان جمالی، محمد یعقوب کھجک، جنرل کونسلر میر شیراز خان جمالی، میر مرتضی لاشاری، عادل حسین جمالی، سابق کونسلر عبدالکریم جمالی، فردین خان جمالی، زیشان خان جمالی، سوشل ورکر نور محمد جمالی، پریس کلب گنداخہ کے صدر سلیم گوپانگ، نور حسن جمالی، ملاں علی حسن جمالی ودیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیدار اور عملے کو ہدایت کی کہ فائر بریگیڈ آفس کے تعمیراتی کام کو جلد از جلد اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ فائر بریگیڈ آفس کا قیام گنداخہ کی عوام کی دیرینہ ضرورت ہے، اس کے مکمل ہونے سے کسی بھی ہنگامی صورتحال، آتشزدگی جیسے واقعات میں فوری طور پر عوام کو سہولت میسر آئے گی اور قیمتی جانوں واملاک کو محفوظ بنایا جاسکے گا۔ چیئرمین نے مزید کہا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ شہر کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تیزی سے کام کررہی ہے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

ہلالِ احمر پاکستان کی جانب سے دریائے سندھ کے جزیرے پر 25 بچوں کی اجتماعی ختنہ تقریب،

غربت اور بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث کئی خاندان اپنے بچوں کی ختنہ جیسی اہم رسم بھی آسانی سے ادا نہیں کرسکتے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ہلالِ احمر پاکستان کی جانب سے دریائے سندھ کے جزیرے پر 25 بچوں کی اجتماعی ختنہ تقریب، تحائف اور نقد رقم تقسیم ہلالِ احمر پاکستان، ضلع ٹھٹھہ برانچ کے چیئرمین حاجی محمد حنیف میمن کی جانب سے ٹھٹھہ شہر سے کئی میل دور دریائے سندھ کے پیٹ میں واقع سونی لٹ کے قریب تین دیہات کے 25 بچوں کی اجتماعی ختنہ تقریب منعقد کی گئی، جس کا مقصد غریب اور مستحق خاندانوں کو اہم سماجی وطبی سہولت فراہم کرنا تھا۔ تقریب کے دوران چیئرمین ہلالِ احمر پاکستان ٹھٹھہ حاجی محمد حنیف میمن نے بچوں کو ہار، اجرک اور نقد رقم بطور تحفہ پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دریائے سندھ کے درمیان واقع یہ علاقے شہر سے کافی فاصلے پر ہیں، جہاں غربت اور بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث کئی خاندان اپنے بچوں کی ختنہ جیسی اہم رسم بھی آسانی سے ادا نہیں کرسکتے۔ اسی احساس کے تحت ہلالِ احمر پاکستان ٹھٹھہ برانچ نے یہ فلاحی اقدام کیا تاکہ مستحق خاندانوں کی مدد کی جاسکے۔ حاجی محمد حنیف میمن نے مزید کہا کہ ہلالِ احمر پاکستان قدرتی آفات اور ہنگامی حالات میں متاثرین کی مدد کے لیے فوری طور پر پہنچتا ہے

سوراب میں ایل پی جی گیس کا بحران شدت اختیار کرگیا

عوام اور ہوٹل مالکان پریشان، شہری سلنڈر اٹھائے بازار میں خوار، جبکہ بجلی کی مکمل بندش نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا

سوراب (نمائندہ بولان) سوراب میں ایل پی جی گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات اور پریشانی کا شکار ہوگئے گیس کے حصول کے لیے شہری ہاتھوں میں سلنڈر اٹھائے مختلف دکانوں کے چکر لگاتے دکھائی دے رہے ہیں تاہم گیس نہ ملنے کے باعث انہیں شدید مایوسی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے دوسری جانب بجلی کی مکمل بندش نے پہلے سے پریشان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سوراب میں ایل پی جی گیس کی فراہمی متاثر ہونے کے باعث گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ امور کی انجام دہی میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے شہری گیس سلنڈر اٹھائے بازار میں مختلف دکانوں کا رخ کررہے ہیں تاکہ کسی طرح گیس حاصل کرسکیں،

فلاحی تنظیم اے ایس بی ایف کے زیراہتمام پانچواں لیجنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ

کھیل کا میدان ہو یا تقریری اور شاعری کے مقابلے اے ایس بی ایف بھرپور انداز میں ان خوسہولیات فراہم کررہی ہے

ملتان (نمائندہ بولان) فلاحی تنظیم اے ایس بی ایف کے زیراہتمام پانچواں لیجنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ تنظیم کے مین کمپلیکس ٹبہ سلطان پور کی بستی ممتاز آباد میں منعقد کروایا گیا جس میں جنوبی پنجاب بھر سے 50 سال سے زائد عمر کے کرکٹ کے پرانے کھلاڑیوں نے میدان میں اتر کر اپنی پرانی یادوں کو تازہ کیا لیجنڈ کھلاڑیوں نے خوب چوکے چھکے مار کر میچ دیکھنے کے لیے آنے والے شائقین کے دل جیت لیے میچ کے اختتام پر جیتنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں اے ایس بی ایف کے نائب صدر حاجی عمر فیاض فہیم اور حاجی ابوبکر فیاض فہیم نے ٹرافی اور انعامات تقسیم کیے اختتامی تقریب سے حاجی عمر فیاض فہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے ایس بی ایف ہر عمر کے افراد کو کھیل کے میدان آکر اپنی صلاحیتوں کو منوانے کا موقع فراہم کررہی ہے لیجنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بھی یہ مواقع فراہم کیئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ کھیل کا میدان ہو یا تقریری اور شاعری کے مقابلے اے ایس بی ایف بھرپور انداز میں ان خوسہولیات فراہم کررہی ہے



بدین کی طالبہ زینب سموں اسلام آباد میں فرانسیسی سفارت خانے میں منعقدہ بین الاقوامی پینل بحث میں سندھ کی نمائندگی کررہی ہیں

سکھر پولیس کا جرائم پیشہ عناصر اور سماجی برائیوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

مجموعی طور پر 10 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب کی بوتلیں برآمد کرلی ہیں

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری QPM، PSP کی ہدایات پر سکھر پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری وروپوش ملزمان اور منشیات فروشوں سمیت سماجی برائیوں میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے مختلف تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کرتے ہوئے قتل سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان سمیت مجموعی طور پر 10 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب کی بوتلیں برآمد کرلی ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ روہڑی پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ نمبر 163/2026 میں مطلوب اشتہاری ملزم محمد اشرف جتوئی کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 302، 149، 148، 506/2، 337-H(ii) اور 504 کے تحت مقدمہ درج ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم سے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ اسی طرح تھانہ باگھڑجی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران چار مطلوب اور روپوش ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

شہدادکوٹ میں ہلی بارگڈز ٹرانسپورٹ یونین کے الیکشن کا انعقاد کیا گیا

منتخب عہدیداروں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں ہار پہنائے اور ڈھول کے تھاپ پر رقص کیا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ میں ہلی بارگڈز ٹرانسپورٹ یونین کے الیکشن کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم اکبر بروہی پینل نے بھاری اکثریت 195 ووٹ سے جیت لیا مدمقابل سیٹھ خیر محمد مینگل پینل کے امیدواروں کو 79 ووٹ ملے لاڑکانہ ڈویژن کے صدر کی نگرانی میں الیکشن کمیٹی نے یونین کا الیکشن کرایا گیا حاجی ایم اکبر بروہی پینل اور حاجی خیر محمد مینگل پینل نے حصہ لیا شہدادکوٹ میں گڈز ٹرانسپورٹ یونین کا الیکشن شہر کے محمد عمر رائس مل میں منعقد ہوا گڈز ٹرانسپورٹ یونین کے الیکشن لاڑکانہ ڈویژن کے صدر راجہ غلام حیدر عمرانی کی قیادت میں منعقد ہوا۔ الیکشن میں حاجی محمد خیر پینل اور حاجی ایم اکبر بروہی پینل کے امیدواروں نے حصہ لیا الیکشن میں کل 274 ووٹ ڈالے گئے جبکہ حاجی ایم اکبر بروہی پینل کے امیدواروں نے 195 ووٹ حاصل کیے جن میں نذیر احمد بروہی صدر اور حاجی سلیم کمبوہ جنرل سیکرٹری اور ان کے پینل کے دیگر امیدوار کامیاب ہوئے جبکہ ان کے مقابلے میں سیٹھ خیر محمد مینگل پینل کے امیدوار 79 ووٹ حاصل کرسکے۔ الیکشن جیتنے کی خوشی میں کامیاب امیدواروں کے حامیوں نے منتخب عہدیداروں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں ہار پہنائے

دھابیجی کے قریب اٹک پیٹرول پمپ سے بغیر پیسے دیے پیٹرول بھروا کر گاڑی فرار

پیٹرول پمپ انتظامیہ کے مطابق واقعے کے بارے میں تھانہ دھابیجی میں شکایت درج کرائی گئی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) دھابیجی کے قریب اٹک پیٹرولیم پمپ سے بغیر پیسے دیے پیٹرول بھروا کر گاڑی فرار ٹھٹھہ کے علاقے دھابیجی میں قومی شاہراہ پر واقع اٹک پیٹرول پمپ پر ایک ہونڈا سوک کار پیٹرول کی ٹینکی فل کرا کر بغیر رقم ادا کیے فرار ہوگئی۔ پیٹرول پمپ انتظامیہ کے مطابق واقعے کے بارے میں تھانہ دھابیجی میں شکایت درج کرائی گئی ہے۔ پیٹرول پمپ کے مالکان نے پولیس اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر گاڑی اور اس میں سوار شخص کا پتہ لگاکر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

جیل خانہ جات میں افسران وعملے کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا فیصلہ

پولیس شہداء پیکج کی طرز پر پریزن شہداء پیکج، جیل خانہ جات عملے کو پولیس کی طرز پر الاؤنس دینے کی سفارش

وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات کا اہم اجلاس، لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی میں نئی ویمن جیلوں کی تعمیر پر پیشرفت کا جائزہ

لاہور (این این آئی) پنجاب کی جیلوں کو اصلاحی مراکز میں تبدیل کرنے کا مشن جاری ہے۔ اسی ضمن میں وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات کا محکمہ داخلہ پنجاب میں اہم اجلاس ہوا جس میں چیئرمین ٹاسک فورس رانا منان خان اور سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں جیل خانہ جات میں افسران وعملے کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لئے حکومت سے اجازت طلب کرنے کی سفارش کی گئی۔ پولیس شہداء پیکج کی طرز پر پریزن شہداء پیکج متعارف کروانے اور جیل خانہ جات عملے کو پولیس کی طرز پر الاؤنس دینے کی سفارش بھی کی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں چکوال، چنیوٹ اور مری میں نئی ڈسٹرکٹ جیلوں کی تعمیر کی سفارش کی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی میں نئی ویمن جیلوں کی تعمیر پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مختلف اضلاع میں 11 نئے بخشی خانوں کی تعمیر جاری ہے جبکہ فیصل آباد، میانوالی اور ڈی جی خان کے بعد سینٹرل جیل لاہور بھی رواں مالی سال میں ہی سولر پر منتقل کر دی جائے گی۔ اجلاس کے دوران سیف جیل منصوبے کے تحت پنجاب بھر کی جیلوں میں جدید کیمرے اور دیگر آلات کی انسٹالیشن پر پیشرفت اور نئی جیلوں اور اضافی بیرکس کی تعمیر سے قیدیوں کی گنجائش میں اضافے کے پلان کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات رانا منان خان نے کہا کہ جیلوں میں بہتر ماحول اور تربیت کی فراہمی سے مجرمان کی اصلاح کیلئے مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جیل میں قیدیوں کی اہل خانہ سے بہتر ملاقات کے لئے نئے شیڈز اور انٹرکام کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ شہری اب گھر بیٹھے پنجاب بھر کی جیلوں میں ملاقات کی آن لائن بکنگ کر سکتے ہیں۔ جیلوں میں 119 واٹر فلٹریشن پلانٹ اور 627 واٹر چلر لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیل انڈسٹریز میں اسیران کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت کا جدید نظام متعارف کروایا گیا ہے۔ پراڈکٹس کی فروخت کے لئے بہتر حکمت عملی اپنائی جائے گی تاکہ جیل اسیران کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ جیلوں میں انرجی آڈٹ ریفارمز کی بدولت 93 لاکھ بجلی یونٹس بچائے گئے جس سے مجموعی طور پر 51 کروڑ روپے کی بچت ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ اسیران سے ملاقات کی آن لائن بکنگ کے لئے "ملاقات ایپ" متعارف کروائی گئی جس سے اب تک 30 ہزار شہری فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہر قیدی کی جیل آمد پر میڈیکل ٹیسٹس کیساتھ سائیکلا جیکل اسسمنٹ کی جاتی ہے اور قیدی کو لاحق امراض کے مطابق انکا مفت علاج کیا جاتا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے کہا کہ پنجاب بھر کی جیلوں میں اسیران کو تعلیم دینے کیلئے لٹریسی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جبکہ اسیران کی سہولت اور فلاح کیلئے پریزن ویلفیئر سٹور تمام جیلوں میں قائم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں تقریباً 40 ہزار حادثاتی مجرمان پروبیشن ڈیپارٹمنٹ میں زیر تربیت ہیں جنہیں کمیونٹی سروس ماڈل کے ذریعے معاشرے کا مفید حصہ بنایا جارہا ہے۔

حادثات کی روک تھام کے لئے گاڑی کی طرح ڈرائیورز کا فٹنس سرٹیفکیٹ بھی لازمی قرار

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی نے کہا ہے کہ حادثات کی روک تھام کے لئے گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ کے ساتھ ڈرائیورز کی فٹنس کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ سی ٹی او لاہور سے ٹرانسپورٹرز نے ملاقات کی جس میں سیفٹی اور اسموگ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کرنے والوں میں بس اونرز، مزدا، منی گڈز، ٹرک ٹرانسپورٹ اور ٹریکٹر ٹرالی ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹریفک حادثات کی روک تھام اور فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی شیرازی ہاس ٹھٹھہ میں عوام سے ملاقات

مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی شیرازی ہاس ٹھٹھہ میں عوام سے ملاقات، مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری - صوبائی وزیر اوقاف، زکوٰۃ وعشر اور مذہبی امور سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے شیرازی ہاس ٹھٹھہ میں عوام کے درمیان موجود رہتے ہوئے مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری اور مؤثر حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر شہریوں نے صوبائی وزیر کو اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل سے آگاہ کیا اور انہیں درپیش مشکلات کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں۔ صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے عوام کی بات غور سے سنی اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور موصول ہونے والی شکایات پر بروقت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوامی نمائندوں کی بنیادی ذمہ داری ہے



دکی: اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال دکی اور BHU کلی علی محمد کا معائنہ کررہے ہیں

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ ایوارڈ

لاہور (این این آئی) دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ ایوارڈ کردیا گیا، کنٹریکٹ 133 ارب 18 کروڑ روپے پر مشتمل ہے اور یہ پاور چائنا، آئیگان جوائنٹ وینچر کو ایوارڈ کیا گیا ہے۔ واپڈا کی جانب سے دیامر بھاشا ڈیم کے پراجیکٹ ڈائریکٹر عارف علی اور جوائنٹ وینچر کی جانب سے مجاز نمائندے لنگ جیانکے نے کنٹریکٹ پر دستخط کئے۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید، واپڈا کے ممبر فنانس، ممبر واٹر اور ممبر پاور کے علاوہ دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے علاوہ پاور چائنا انٹرنیشنل کے چیئرمین، جوائنٹ وینچر میں شامل کمپنیوں اور کنسلٹنٹس کے نمائندے اور واپڈا کے سینئر آفیسرز معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شریک ہوئے۔

شہدادکوٹ ایڈوائزر، صوبائی محتسب اعلی، لاڑکانہ کی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس قمبر میں کھلی کچہری

مختلف سرکاری محکموں کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین سمیت وفات پانے والے ملازمین کے ورثا نے شرکت کی

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ ایڈوائزر، صوبائی محتسب اعلی، لاڑکانہ کی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس قمبر میں کھلی کچہری ایڈوائزر، صوبائی محتسب اعلی، لاڑکانہ حضور بخش لغاری نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس قمبر میں کھلی کچہری منعقد کی، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین سمیت وفات پانے والے ملازمین کے ورثا نے شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کیے۔ اس موقع پر مسائل کے حل میں تاخیر سے متعلق شکایات بھی سامنے آئیں اس موقع پر ایڈوائزر، صوبائی محتسب اعلی، لاڑکانہ، حضور بخش لغاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ اگر قانونی تقاضے پورے ہیں تو مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں، لوگوں کو بار بار دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور نہ کیا جائے، انہیں اپنے مسائل کے بارے میں درست معلومات فراہم کی جائیں اور ان کے ساتھ بہتر رویہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ متعلقہ کیسز کے بارے میں انہیں بھی رپورٹ فراہم کی جائے۔ جن نئے ملازمین کی تنخواہیں رکی ہوئی ہیں،



صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

میونسپل کمیٹی روہڑی کے پیٹرول وڈیزل اخراجات پر سوالات، شفاف آڈٹ اور تحقیقات کا مطالبہ

صفائی ستھرائی اور بنیادی شہری سہولیات کی صورتحال پر شہریوں کا اظہار تشویش، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) میونسپل کمیٹی روہڑی کے مالی معاملات اور بلدیاتی کارکردگی سے متعلق شہری حلقوں میں سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق سرکاری گاڑیوں، صفائی کی مشینری اور دیگر بلدیاتی امور کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی مد میں ہر ماہ بھاری اخراجات کیے جانے کے حوالے سے شفافیت کی ضرورت پر زور دیا جارہا ہے، جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کی صورتحال پر بھی شہریوں کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی روہڑی کے ایندھن کے اخراجات اور ان کے استعمال کی تفصیلات کا تعین کیا جاسکے گا انہوں نے مطالبہ کیا کہ معاملے کی غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کروائی جائے اگر کسی قسم کی بے ضابطگی یا خلاف ضابطہ ادائیگی کے شواہد سامنے آئیں تو متعلقہ افراد کو وضاحت کا موقع دیتے ہوئے قانون اور قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے یہ بھی زور دیا کہ آڈٹ کے نتائج اور اخراجات کی تفصیلات متعلقہ قوانین اور ضابطوں کے تحت عوام کے سامنے لائی جائیں تاکہ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ بلدیاتی اداروں کے فنڈز عوامی وسائل ہیں ان کا کہنا ہے کہ بلدیاتی اداروں کے اخراجات اور عملی کارکردگی میں شفافیت برقرار رکھنا ضروری ہے، تاکہ سرکاری وسائل کا استعمال عوامی مفاد میں یقینی بنایا جاسکے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے سندھ حکومت، محکمہ بلدیات، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اور متعلقہ آڈٹ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ میونسپل کمیٹی روہڑی کے گزشتہ کئی ماہ کے پیٹرول اور ڈیزل کی خریداری کے ریکارڈ، لاگ بکس، ادائیگیوں کے بلوں، سرکاری گاڑیوں کے لاگ بکس، مشینری کے استعمال اور ایندھن کی فراہمی سے متعلق دستاویزات کا قواعد وضوابط کے مطابق جانچ پڑتال کی جائے۔

پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، ہر بچے کو وائرس سے محفوظ بنانا ہوگا، گیانچند ایسرانی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے عالمی یوم انسداد پولیو کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جبکہ پاکستان کو پولیو فری ملک بنانے کے لیے حکومتی کوششوں کے ساتھ عوامی تعاون بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو ہر انسداد پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے لازمی پلوائیں تاکہ انہیں اس خطرناک مرض اور اس کے نتیجے میں ہونے والی عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جاسکے۔

کراچی کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلے، 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس نے مبینہ مقابلوں کے دوران دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جبکہ ان کے ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں گلستان جوہر اور تھل کے علاقوں میں کی گئیں۔ گرفتار ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ برآمد ہونے والے اسلحے اور دیگر سامان کے حوالے سے مزید تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔



حب۔ سردارزادہ محمد عرفان صالح بھوتانی اور سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی حاجی کریم لانگو سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کا ایل اے آر ایم آئی ایس کا دورہ

سٹی سروے ریکارڈ کی اسکیننگ کے جاری کام کا تفصیلی جائزہ

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کا ایل اے آر ایم آئی ایس کا دورہ، سٹی سروے ریکارڈ کی اسکیننگ کے جاری کام کا تفصیلی جائزہ - ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سردار علی بھاگت کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ شاکر فہیم نے ایل اے آر ایم آئی ایس (LARMIS) کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سٹی سروے ریکارڈ کی اسکیننگ اور ڈیجیٹلائزیشن کے جاری کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ نے سٹی سروے ریکارڈ کو جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت محفوظ بنانے کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس اقدام کا مقصد شہری اراضی سے متعلق ریکارڈ کو محفوظ، منظم اور قابل رسائی بنانا ہے، تاکہ مستقبل میں متعلقہ ریکارڈ کی تلاش، تصدیق اور ضرورت کے وقت اس سے استفادہ کرنے میں آسانی پیدا ہو سکے۔ انہوں نے سٹی سروے ریکارڈ کی اسکیننگ کے جاری عمل کا معائنہ کرتے ہوئے ریکارڈ کی درستگی، حفاظت اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کی اہمیت پر زور دیا۔ سٹی سروے ریکارڈ کی اسکیننگ کا جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس سے دستاویزی ریکارڈ کو محفوظ رکھنے اور اس کی دستیابی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی

کراچی: مائی کلاچی روڈ پر ٹرالر کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار خاتون اور مرد جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے مائی کلاچی روڈ پر ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار خاتون اور مرد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دونوں موٹر سائیکل پر سوار تھے کہ مبینہ تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل ٹرالر سے ٹکراگئی۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ دونوں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، تاہم موٹر سائیکل سوار خاتون اور مرد جانبر نہ ہوسکے۔ دونوں لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے منتقل کرنے کے انتظامات کیے گئے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
اتوار 25 اکتوبر 2026، بمطابق 13 جمادی الاول 1448ھ

بلوچستان میں ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 3303 جا پہنچی

خواتین 707، ٹرانس جینڈر کی تعداد 90 ہے، ایک سال کے دوران صوبے میں جاں بحق ہونے والے مریضوں کی تعداد 452 ہے، ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز محکمہ صحت بلوچستان

یہ جاننا ضروری ہے کہ کن چیزوں سے ایچ آئی وی وائرس ایک تندرست اور صحت مند شخص میں داخل ہوسکتا ہے ایچ آئی وی انسانی جسم میں تین طریقوں سے داخل ہوسکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز محکمہ صحت بلوچستان ڈاکٹر ہاشم مینگل، صوبائی کوآرڈی نیٹر پروانشل ایڈز کنٹرول پروگرام ڈاکٹر سحرین نوشیروانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد 3303 جا پہنچی ہیں جن میں خواتین 707 اور ٹرانس جینڈر کی تعداد 90 ہے، ایک سال کے دوران صوبے میں جاں بحق ہونے والے ایڈز کے مریضوں کی تعداد 452 ہے یہ بات انہوں نے اتوار کو ڈاکٹر خدائیداد عثمانی، ڈاکٹر احسان اللہ اور محمد خان زہری کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایڈز کی روک تھام کا عالمی دن ہر سال یکم دسمبر کو نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں منایا جاتا ہے اور اس دن کو منانے کا مقصد اس مہلک و جان لیوا مرض کے خلاف شعور و آگہی پیدا کرنا اور ان لوگوں کی یاد میں منایا جاتا ہے جو ایڈز کی وجہ سے وفات پا چکے ہیں ریڈ ربن عالمی سطح پر ان لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی علامت ہے جو ایڈز میں مبتلا ہو چکے ہیں ہر سال عالمی ایڈز ڈے کے موقع پر اس دن کا ایک موضوع ہوتا ہے اس سال 2025 کا موضوع تعطل پر قابو پانا اور ایڈز کے ردعمل کو تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈز ایک جان لیوا مرض ہے ایڈز کے وائرس کو ایچ آئی وی یعنی انسانی جسم کی قوت مدافعت میں کمی کو کہا جاتا ہے ایچ آئی وی ایک ایسا وائرس ہے جس سے ایڈز کی بیماری لگ سکتی ہے یہ وائرس کچھ عرصے کے بعد جسم کی مدافعتی نظام کو تباہ کر دیتا ہے دفاعی نظام کے مفلوج ہونے کی صورت میں جو بھی بیماری انسان کے جسم میں داخل ہو جاتی ہے وہ سنگین اور مہلک صورت اختیار کر جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جاننا ضروری ہے کہ کن چیزوں سے ایچ آئی وی وائرس ایک تندرست اور صحت مند شخص میں داخل ہو سکتا ہے ایچ آئی وی انسانی جسم میں تین طریقوں سے داخل ہو سکتا ہے اول انتقال خون یعنی کسی مریض کو ضرورت کے وقت جب کسی دوسرے انسان کا خون لگایا جاتا ہے اور اس خون کا ٹیسٹ نہیں کیا جاتا، ایچ آئی وی سے متاثرہ شخص کے استعمال شدہ سرنج کو استعمال کرنے سے، آلات جراحی، حجام کے استعمال میں آنے والے آلات یعنی بلیڈ اور استرا، کان ناک میں سوراخ کرنے کے لئے استعمال میں آنے والے آلات سے اور اسی طرح دانت نکلواتے وقت استعمال ہونے والے آلات سے داخل ہوتا ہے دوسرا طریقہ متاثرہ ماں سے پیدا ہونے والے بچے میں یہ داخل ہو جاتا ہے جبکہ تیسرا ذریعہ کسی ایچ آئی وی متاثرہ شخص سے غیر محفوظ جنسی تعلقات روا رکھنے سے ہوتا ہے تاہم اس وائرس کے انسانی جسم میں داخل ہونے کے اور بھی طریقے بتائے گئے ہیں بلوچستان میں انجکشن کے ذریعے نشہ لینے والے نشہ کے عادی افراد میں ایچ آئی وی کے وائرس زدہ افراد کی تعداد زیادہ ہے دوسرا بڑا ذریعہ مرد کے ساتھ جنسی تعلقات جن میں ہیجڑے بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد بڑھ چکی ہے تاہم خوش آئند بات یہ ہے کہ ایڈز کی بیماری کے علامات والے مریض اب ٹیسٹ کرنے اور رجسٹرڈ ہونے کی جانب راغب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے تحت اس وقت بلوچستان میں ایڈز کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد اس وقت بڑھتے ہوئے 3303 تک جا پہنچی ہے

سری لنکا میں تباہی پھیلانے کے بعد سمندری طوفان کا رخ بھارت کی طرف مڑ گیا

ریاست تامل ناڈو کے ساحلی علاقوں میں شدید بارشوں سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے، 50 سے زائد پروازیں بھی منسوخ

نئی دہلی (اے ایف بی) سری لنکا میں تباہی پھیلانے کے بعد سمندری طوفان دتوا بھارت کی طرف بڑھ گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سمندری طوفان دتوا آئندہ 24 گھنٹوں میں بھارت کے ساحلی علاقوں سے ٹکرانے کا امکان ہے۔ طوفان کے زیر اثر بھارتی ریاست تامل ناڈو کے ساحلی علاقوں میں شدید بارشوں سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے جبکہ 50 سے زائد پروازیں بھی منسوخ ہوگئیں۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق سینیٹر نوابزادہ سیف اللہ مگسی ملاقات کر رہے ہیں



دہشتگرد امن، ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتے
علی مدد جتک

گوادر میں دہشت گردی کی کوشش ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے جس جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تحسین ہے

بروقت کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی مستعدی اور قومی سلامتی کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے گوادر میں دہشت گردی کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ گوادر میں دہشت گردی کی کوشش ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے جس جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی مستعدی اور قومی سلامتی کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام، پائیدار ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گردی کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے اور صوبے کی ترقی کے سفر کو روکنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سمیت بلوچستان کے تمام علاقوں میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ناگزیر ہے۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور عوام کے روشن مستقبل کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد، عوامی یکجہتی اور سیکیورٹی اداروں کی کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا امن اور عوام کی خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور صوبے کو پرامن، مستحکم اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے تمام محبِ وطن قوتیں اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔

ایل ڈی اے نے سیاسی سرگرمی پر پیپلز پارٹی لاہور آفس کو 8 لاکھ 74 ہزار کا نوٹس بھیج دیا

بیوروکریسی سیاسی عدم استحکام پیدا کر کے پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے اتحاد کو شدومد سے توڑنے کی کوشش کر رہی

24 گھنٹے میں انتقامی مہم بند نہ ہوئی تو کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور سی ٹی او آفس کا گھیراؤ کرینگے‘ فیصل میر کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے حکومتی اداروں پر انتقامی کارروائیوں کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور کی بیوروکریسی سیاسی عدم استحکام پیدا کر کے پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے اتحاد کو شدومد سے توڑنے کی کوشش کر رہی ہے، ٹریفک پولیس پارٹی کی ٹرانسپورٹ پر لگی فلیکسز کو زبردستی اتروا رہی ہے جبکہ پیپلز پارٹی لاہور کے دفتر کو ایل ڈی اے نے 8 لاکھ 74 ہزار کا نوٹس سیاسی سرگرمی کرنے پر بھجوا ہے، 24 گھنٹے میں مہم بند نہ ہوئی تو کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور سی ٹی او آفس کا گھیراؤ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی کے رہنماؤں فیصل میر، مجید غوری نے جوہر ٹاؤن آفس میں سبط حسن اور شاہد عباس ایڈووکیٹ کیساتھ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رم فاروق، عزیز عباسی، شہباز درانی اور اللہ دتہ وٹو بھی موجود تھے۔ فیصل میر نے کہا کہ پیپلز پارٹی اس وقت (ن) لیگ کی اتحادی جماعت ہے اور ہم اپنی قیادت کی ہدایت پر اس اتحاد کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں۔ ہم وزیراعظم شہباز شریف سے کہنا چاہتے ہیں کہ پنجاب حکومت کے خلاف بیوروکریسی سازش کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر اور سی ٹی او لاہور کے متعلق تحقیقات کرائی جائیں، لاہور انتظامیہ پیپلز پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں پر روک ٹوک کرتی ہے۔ جبکہ مجید غوری کو فون کر کے پیپلز پارٹی کی ممبر سازی مہم روکنے کی دھمکیاں دی گئی ہیں۔ انہوں نے زور دیکر کہا کہ لاہور میں جگہ جگہ (ن) لیگ کے دفاتر ہیں، وہ اس مہم میں شامل نہیں ہو سکتی، سی ٹی او اور ایل ڈی اے کی بدنیتی اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ انہوں نے 80 ایچ ماڈل ٹاؤن کو کوئی جرمانہ یا نوٹس نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی طرف سے (ن) لیگ کا نام استعمال کر کے یہ سب کچھ کیا جا رہا ہے۔ ہم کسی سرکاری دفتر پر نہیں اپنی پراپرٹی پر اشتہارات لگاتے ہیں، 24 گھنٹے میں یہ مہم بند نہ ہوئی

سابق بنگلا دیشی وزیراعظم خالدہ ضیا کی حالت تشویشناک، آئی سی یو منتقل

بنگلا دیش نیشنل پارٹی کا خالدہ ضیا کی طبیعت کے حوالے سے خط پر وزیراعظم شہباز شریف سے اظہار تشکر

ڈھاکہ، اسلام آباد (اے ایف بی) بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیا کو تشویشناک حالت میں اسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا پیغام بھیجا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بنگلہ دیش کی 80 سالہ سیاستدان خالدہ ضیا کے ذاتی معالج ڈاکٹر زاہد حسین نے بتایا ہے کہ بی این پی کی چیئرپرسن بیگم خالدہ ضیا کے بیرون ملک علاج کے حوالے سے فیصلہ میڈیکل بورڈ کی حتمی سفارش پر کیا جائے گا، انہیں بیرون ملک منتقل کرنے کی تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ ڈاکٹر زاہد کے مطابق 3 روز سے خالدہ ضیا کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تاہم ہسپتال انتظامیہ نے ان کے لیے بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کر رکھی ہیں اور دوائیاں اپنا کام کر رہی ہیں۔ اس سے قبل بی این پی کے سیکرٹری جنرل مرزا فخر الاسلام عالمگیر نے بتایا کہ خالدہ ضیا کو بیرون ملک منتقل کرنے کی تمام تیاریاں مکمل ہیں، تاہم ان کی موجودہ صحت سفر کی متحمل نہیں ہو سکتی، اگر طبی حالت بہتر ہوئی تو بیرون ملک علاج کا فیصلہ دوبارہ زیر غور لایا جائے گا۔ خالدہ ضیا کو پھیپھڑوں کے انفیکشن اور سانس میں تکلیف کے باعث ایورکیئر ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، جہاں بعد ازاں انہیں نمونیا کی تشخیص ہوئی، وہ گردوں، جگر، آرتھرائٹس اور ذیابیطس سمیت متعدد پیچیدہ امراض کا سامنا کر رہی ہیں

عمران خان سے ملاقات کیلئے وزیراعظم کو اب کال نہیں کروں گا، 3 ججز کے حکم پر ایس ایچ او کہتا ہے میں نے آرڈر نہیں دیکھا
سہیل آفریدی

اگر ادارے اپنے احکامات نہیں منواتے تو پھر ہم سے گلہ ہی نہ کریں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی گفتگو

بانی پی ٹی آئی سے جیل میں دوستوں کی ملاقات کا وقت ختم، وزیراعلیٰ سمیت کسی پارٹی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہ ملی

راولپنڈی (این این آئی) وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات کیلئے وزیراعظم کو اب کال نہیں کروں گا، اگر کسی کے پاس اختیار نہیں ہے تو اس سے بات کرنے کا کیا فائدہ۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ہم آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر تمام راستے اپنانے کی کوشش کر رہے ہیں، ہمارے پاس عدالتی احکامات موجود ہیں اس کے بعد کون ہے جو مجھے روک رہا ہے؟ تین ججز کے احکامات موجود ہیں یہ کہتے ہیں ہم نے آرڈر نہیں دیکھے، عدالتی احکامات اتنے بے توقیر ہو چکے کہ ایک ایس ایچ او کہہ رہا ہے میں نے دیکھا ہی نہیں؟ اداروں کو اس پر فوری ایکشن لے کر اپنے احکامات پر عمل درآمد کرانا چاہیے اگر ادارے اپنے احکامات نہیں منواتے تو پھر ہم سے گلہ ہی نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ میری تلخی اسی وجہ سے ہے کہ آئین و قانون کی پاسداری نہیں ہو رہی، میری تلخی غیر آئینی و قانونی نہیں ہے، میں کوئی دھمکی یا ایسا لہجہ استعمال نہیں کر رہا جو قانون و آئین کے دائرے سے باہر ہو، میرا حق ہے کہ اگر کوئی آئین و قانون پر عمل نہیں کر رہا تو اسے تھوڑے تلخ لہجے میں سمجھاؤں یہی میں کر سکتا ہوں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محمود اچکزئی صاحب نے جو بات کی ہے وہ تجربے کی بنیاد پر کی ہوگی، میرے علم میں ایسی کوئی بات نہیں، محمود اچکزئی کو بانی نے تمام ذمہ داریاں دی ہوئی ہیں، ہم تنظیمی لوگ ہیں ہم اس پر عمل کریں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ میں نے وزیراعظم کو پہلے دن ہی درخواست کی تھی کہ کچھ کریں اور مجھے ملنے دیں اگر ان سے بات کرنے کی میری خواہش نہ ہوتی تو ان کی کال کی اٹینڈ نہیں کرتا، میں وفاق سے اچھا ورکنگ ریلیشن چاہ رہا تھا مجھے جواب ملا اس کے بعد مناسب نہیں سمجھا کہ انہیں دوبارہ بتاں، اگر کسی کے پاس اختیار نہیں ہے تو اس سے بات کرنے کا کیا فائدہ؟۔



لندن، وفاقی وزیر محمد جنید انور بنگلہ دیش کے مشیر ایم سخاوت حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور میں ہوا کی رفتار کم، آلودگی میں واضح کمی متوقع

لاہور (اے ایف بی) حکومت کی سائنٹفک اسموگ مینجمنٹ اور بروقت اقدامات نے اس سال سموگ کو خطرناک سطح تک جانے سے روکا ہے۔ لاہور میں دن کے 10 سے 11 بجے کے دوران ہوا کی رفتار 3 سے 7 کلومیٹر ہونے سے آلودگی میں واضح کمی متوقع ہے۔ تفصیل کے مطابق عوامی تعاون اور حکومتی اقدامات کے باعث ابھی تک موٹر وے بند نہیں ہوئی جبکہ بہتری اسکول اور دیگر سسٹمز شٹ ڈن کے بغیر حصل کی گی ہے۔ صنعتوں، بھٹوں اور کھلے جلا پر زیرو ٹالرنس کے تحت سخت کارروائیاں جاری ہیں اور جرمانوں و سیلنگ میں اضافہ کیا جارہا ہے۔

پاکستان اس وقت تاریخ کے مشکل ترین دور سے گزر رہا ہے، مختار احمد اعوان

’قوم کو تقسیم نہیں اتحاد کی ضرورت ہے‘ ریاست صرف حکومت یا اداروں کا نام نہیں 24 کروڑ عوام کی مشترکہ امانت ہے‘ طاہر کھوکھر

اسلام آباد (اے ایف بی) پاسبانِ وطن پاکستان کے مرکزی قائدین نے ملک کی موجودہ سیاسی معاشی اور سیکورٹی صورتحال پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت تاریخ کے مشکل ترین دور سے گزر رہا ہے ایسے میں قوم کو تقسیم نہیں بلکہ اتحاد کی ضرورت ہے۔ چیئرمین پاسبانِ وطن پاکستان مختار احمد اعوان، مرکزی صدر و سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر اور مرکزی نائب صدر نورین نور نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست صرف حکومت یا اداروں کا نام نہیں بلکہ 24 کروڑ عوام کی مشترکہ امانت ہے، و راس امانت کی حفاظت ہر شہری کی ذمہ داری ہے موجودہ حالات میں پاکستان کو داخلی طور پر وحدت سیاسی ہم آہنگی اور معاشی مضبوطی کی ضرورت ہے کیونکہ اندرونی کمزوریاں دشمن کو حوصلہ دیتی ہیں۔ چیئرمین پاسبانِ وطن پاکستان مختار احمد اعوان نے شدید مہنگائی عوامی مشکلات اور حکومتی پالیسیوں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ معاشی بحران نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے بجلی گیس پیٹرول ادویات اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے لوگوں کے گھروں کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے لاکھوں لوگ غربت کی لکیر سے نیچے جا چکے ہیں جبکہ بیروزگاری نے نوجوانوں میں شدید مایوسی پھیلا دی ہے

ہم نے وفاداری کا حق ادا کیا، بدلے میں محرومی اور سزا ملی، آفاق احمد

نیا صوبہ کسی سے دشمنی نہیں، صرف انصاف اور اختیار کی واپسی ہے، کراچی صوبہ سازش، ہم اپنی قوم تقسیم ہونے دیں گے

کراچی (این این آئی) مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان) کے چیئرمین آفاق احمد نے کہا ہے کہ سندھ کے شہری علاقوں نے دہائیوں سے جس محرومی، تعصب، وسائل کی لوٹ مار اور مسلسل انتظامی ناکامی کا سامنا کیا ہے، اس کا واحد، پائیدار اور منصفانہ حل سندھ کے شہری علاقوں پر مشتمل نئے صوبے کا قیام ہے۔ اپنی رہائش گاہ پر ضلع وسطی سے آنے والے مہاجر عمائدین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے آفاق احمد نے کہا کہ جو لوگ اس مطالبے کو متنازع بنانے کی کوشش کرتے ہیں وہ دراصل اس status quo کے محافظ ہیں جس نے شہری سندھ کو تباہ اور مہاجر قوم کو سیاسی، معاشی اور انتظامی طور پر بے اختیار رکھا۔ آفاق احمد نے کہا کہ شہری سندھ، خصوصاً کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص اور سکھر نے ہمیشہ ملک کی معیشت، ٹیکس ریونیو، اور قومی ترقی میں سب سے بڑا کردار ادا کیا، مگر اس کے باوجود ان علاقوں کو بنیادی سہولتوں سے محروم رکھا گیا، نوکریوں اور سرکاری اداروں میں کوٹہ سسٹم کے ذریعے پیچھے دھکیل دیا گیا، شہری ادارے جان بوجھ کر کمزور کیے گئے اور کراچی جیسے شہر کو کچرے، سیوریج، ٹوٹی سڑکوں اور بدترین گورننس کے حوالے کر دیا گیا، یہ وہ سلوک ہے جو اپنے شہریوں کے ساتھ نہیں بلکہ فتح کیے ہوئے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے، نیا صوبہ کسی سے دشمنی نہیں صرف انصاف اور اختیار کی واپسی ہے

آزاد کشمیر میں دانش سکولز کا قیام ن لیگ کی جانب سے عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے‘ چوہدری جاوید قادر

میرپور (اے ایف بی) صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع میرپور چوہدری جاوید قادر نے کہا کہ مسلم لیگ ن عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور آزاد کشمیر میں دانش سکولز کا قیام ن لیگ کی جانب سے عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے۔ میرپور میں بہت جلد دانش سکول بنایا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے اور آئندہ بھی اپنے انتخابی منشور میں آزاد کشمیر کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے کام کرے گی، اور آزاد کشمیر میں آنے والا دور مسلم لیگ ن کا ہی ہوگا۔

گھرانوں کو پانی کی فراہمی، نئی سڑک کی تعمیر کا آغاز ماڈل ٹاؤن کا عوام کے لیے تحفہ ہے، منعم ظفر خان

منعم ظفر خان نے ملیر جی ایریا میں 60 گلیوں میں فراہمی آب کا افتتاح، ملیر ہالٹ سے سعود آباد نئی سڑک کا سنگِ بنیاد رکھ دیا

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے ٹی ایم سی ماڈل کالونی کے تحت ملیر جی ایریا لیاقت مارکیٹ میں 60 سے زائد گلیوں میں 1500 گھرانوں کے لیے پانی کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح اور ملیر ہالٹ سے سعود آباد ریلوے لائین کے ساتھ 3.5 کلومیٹر نئی سڑک کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھ دیا، منعم ظفر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 1500 گھرانوں کو پانی کی فراہمی اور 3.5 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کا آغاز ماڈل ٹان کی جانب سے عوام کے لیے تحفہ ہے، جماعت اسلامی کی عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کی جانب پیش رفت جاری ہے، ہم نے وعدہ کیا تھا کہ اختیارات و وسائل سے بڑھ کر کام کریں گے اس وعدے کو پورا کر رہے ہیں، جی ایریا کے علاقے میں عوام کو 25 سال بعد لائنوں میں پانی کی فراہمی شروع کی گئی ہے، جماعت اسلامی اندھیروں میں امید کی کرن ہے اور امانت و دیانت اور عوامی خدمت کا نام ہے، اہل کراچی اپنے حق کے لیے کھڑے ہوں، اجتماعی جدوجہد میں شامل ہوں اور تعمیر و ترقی و مسائل کے حل کے لیے جماعت اسلامی کے دست و بازو بنیں۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی ضلع ایئر پورٹ محمد اشرف، رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، ٹاؤن چیئرمین ماڈل کالونی ظفر احمد خان اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

سیاست طاقتوروں کیلئے ہی رہ گئی، عام آدمی کیلئے سازگار نہیں، تنازع کشمیر حل کیا جائے
حافظ نعیم

اسلامی ممالک کے مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کا حل پیش کرنے کے لئے پاکستان میں دفتر کھولنے کو تیار ہیں

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا لاہور میں ’’عالمی گول میز کانفرنس‘‘ کے افتتاحی سیشن سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ دنیا تبدیل ہو رہی ہے امت مسلمہ کو بھی بدلتے حالات کے مطابق اپنا لائحہ عمل بنانا ہوگا۔ امت کا جسم زخمی اور روح گھائل ہو چکی ہے۔ عالم اسلام کو اس وقت فلسطین، کشمیر، روہنگیا اور سوڈان سمیت بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔ ان مسائل کو حل کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ فلسطین ورلڈ آرڈر کی مثال بن چکا ہے، کشمیر میں بھارت مسلمانوں کی نسل کشی کر رہا ہے اور روہنگیا مسلمانوں کا اجتماعی قتل عام کیا جا رہا ہے۔ مقبوضہ مسلم علاقوں کو آزاد کرانا اور مسلمانوں کو ظلم و جبر سے نجات دلانے کے لئے عالم اسلام کو متحد ہونا پڑے گا۔ جماعت اسلامی تمام اسلامی ممالک کے مسائل کو اجاگر کر کے ان کا حل پیش کرنے کے لئے پاکستان میں دفتر کھولنے کے لئے تیار ہے۔ پاکستان کی چھتری کے نیچے دنیا کے مسائل کے حل کے لئے کوئی لائحہ عمل دینا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں عالمی گول میز کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے سابق وفاقی وزیر و عالمی امور کے ماہر مشاہد حسین سید، ریورینڈ فرینک چیکین، یورپی پارلیمان کے رکن مسٹر برہان کیا ترک فلسطین سے مسٹر سمیع الآرائیں، یوکے سے ڈاکٹر انس التکریتی، امریکہ سے معروف کشمیری راہنما ڈاکٹر غلام نبی فائی، ڈاکٹر شاؤن کنگ، چیئرمین نیو ویلفیئر پارٹی ترکیہ مسٹر فاتح اربکان، برازیل سے مسٹر تھیگو اویلا، ملائیشین پارلیمان کے رکن دیتو حجاج ممتاز، یوکے سے مسٹر لیوران بوتھ سمیت معروف عالمی رہنماؤں نے خطاب کیا۔ عالمی گول میز کانفرنس میں 40 سے زائد ممالک کے مندوبین شریک ہیں۔ کانفرنس میں حریت کانفرنس کے کنوینر غلام نبی فائی، ورلڈ کشمیر فریڈم موومنٹ کے نذیر قریشی، مزمل ایوب ٹھاکر، سابق امیر کشمیر جماعت عبدالرشید ترابی، نائب قیمہ ثمینہ سعید اور دیگر راہنما بھی شریک ہوئے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ آج جمع ہونے کا ہمارا مقصد انسانیت کو درپیش مسائل سے آگاہ کرنا ہے۔

پنجاب میں روڈز کی تعمیر و مرمت پر بے حد خوش ہیں، مریم نواز

آئندہ 30 جون تک لاہور میونسپل کارپوریشن کی 5,798 اور واسا پراجیکٹ کے تحت 486 گلیوں کو اپ گریڈ کیا جائیگا مرحلہ وار ماہانہ ورک پلان پیش

لاہور کی ترقی میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈویلپمنٹ پلان فیز ٹو کی تکمیل میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے دوسرے فیز کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ جس سے شہر میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا، شہر کی 6,284 گلیوں کی مکمل اپ گریڈیشن کی جائے گی۔ آئندہ سال 30 جون تک لاہور میونسپل کارپوریشن کی 5,798 اور واسا کی 486 گلیوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ فیز ٹو سے متعلق اجلاس میں ضروری ہدایات جاری کیں۔ اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ لاہور کا ہر محلہ روشن اور بہتر بنانے کے لیے مرحلہ وار ماہانہ ورک پلان پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاہور کی ترقی میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور لاہور ڈویلپمنٹ پلان فیز ٹو کی تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور کے ہر کونے میں اب ٹوٹ پھوٹ نہیں نظر آنی چاہیے اور شہریوں کے لیے باسہولت بنایا جائے گا۔ 6 ہزار سے زائد گلیوں کی اپ گریڈیشن کے ساتھ لاہور کا ہر محلہ رہائش کے لیے فخر کی علامت بنے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پوری پنجاب کابینہ اور تمام محکموں کے سخت احتساب کیلئے دوسرے روز بھی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو تمام ڈیپارٹمنٹس کی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر محکموں میں جاری منصوبوں پر پیشرفت کی کڑی اسکروٹنی جاری جبکہ کامیابیوں کا ناقابلِ تردید ریکارڈ اور نئے فیصلہ کن اقدامات کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی صدارت 3 گھنٹے طویل محکمانہ پرفارمنس ریویو اجلاس میں پنجاب میں شاندار کامیابیوں کی طویل فہرست پیش اور مستقبل کے بڑے فیصلے بھی کیے گئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 33 ارب روپے کے تاریخی ریونیو کے ساتھ پنجاب مائنز اینڈ منرلز نے کارکردگی کا نیا معیار متعین کر دیا ہے۔ صرف ایک سال میں کلینک آن ویل سے 1 کروڑ 65 لاکھ مریضوں کا علاج ہوا۔

سندھ حکومت کے زیر اہتمام منعقدہ یوتھ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فیسٹول اختتام پذیر

یوتھ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فیسٹول میں 40 سے زائد سرکاری و نجی جامعات کے 70 سے زیادہ طلبہ نے حصہ لیا

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے زیر اہتمام یوتھ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فیسٹول اتوار کو اختتام پذیر۔ ہوگیا کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور انعامات تقسیم کئے۔ اس موقع پر سیکریٹری کھیل منور علی مہیسر بھی شریک تھے۔ کمشنر کراچی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ یوتھ افیئرز و اسپورٹس کے زیر اہتمام منعقدہ اس نمائش کا انعقاد زبردست اقدام ہے نوجوانوں نے جو پروجیکٹس بنائے ہیں وہ قومی اور موجودہ صنعتی اور ترقیاتی تقاضوں کے مطابق ہیں یقیناً اس ان باصلاحیت نوجوان طلبہ کی حوصلہ افزائی ہوگی اور انھیں اپنی صلاحیتیں ابھارنے کا موقع ملے گا انھوں نے کہا کہ ان کی پروجیکٹس کے ذریعے ہمارے نوجوانوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ با صلاحیت اور ذہین ہیں

کراچی، پولیس اور ڈاکوؤں میں مبینہ مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

کراچی (اے ایف بی) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ سپر مارکیٹ کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار جبکہ اس کا ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ نفرت، تعصب اور انتہا پسندانہ سلوک کی رپورٹ جاری

آر ایس ایس کے زیر اثر ہندوتوا ایجنڈے کے تحت ملک بھر میں مسلمانوں کو منظم طور پر نشانہ بنایا جارہا ہے، رپورٹ

نئی دہلی (اے ایف بی) بھارت میں مسلمانوں کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت، تعصب اور انتہاپسندانہ کارروائیاں ایک مرتبہ پھر بے نقاب ہوگئی ہیں۔ پریس ٹی وی کی تازہ رپورٹ کے مطابق آر ایس ایس کے زیر اثر ہندوتوا ایجنڈے کے تحت ملک بھر میں مسلمانوں کو منظم طور پرنشانہ بنایا جارہا ہے، جبکہ حکومتی اور ادارہ جاتی رویوں نے صورتحال کو مزید تشویشناک بنا دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مہاراشٹرا میں تین مسلم طلبہ کو کلاس روم میں نماز پڑھنے پر اس قدر ہراساں کیا گیا کہ انہیں ایک مورتی کے سامنے جھکنے اور بیٹھک لگانے پر مجبور کیا گیا۔

دینی طلبہ حصول علم کیلئے محنت، لگن اور اخلاص کا راستہ اختیار کریں‘ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

جامعہ نعیمیہ میں فنِ خطابت کورس کی تکمیل پر تقریری مقابلہ کا انعقاد، طلبہ میں اسناد اور انعامات تقسیم کیے گئے

لاہور (این این آئی) جامعہ نعیمیہ لاہور میں دینی طلبہ کی علمی وفکری صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے فنِ خطابت کورس کی تکمیل پر ایک شاندار تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ مقابلے میں مختلف درجات کے طلبہ نے بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ شرکت کی اور اپنے خیالات کا مدلل اور خوبصورت انداز میں اظہار کیا۔ تقریب کا مقصد طلبہ میں خود اعتمادی پیدا کرنا، موثر ابلاغ کی تربیت دینا اور اسلامی و معاشرتی موضوعات پر سوچنے، سمجھنے اور اظہارِ خیال کی صلاحیت کو فروغ دینا تھا۔ طلبہ نے سیرت النبی، اتحاد امت، جدید چیلنجز اور نوجوانوں کی ذمہ داریاں جیسے اہم موضوعات پر پُراثر تقاریر کیں۔

عام آدمی پارٹی جلد ہی انتخابات کے لیے اپنا منشور جاری کرے گی‘ خالد فاروق

میرپور (اے ایف بی) بانی چیئرمین عام آدمی پارٹی خالد فاروق ایڈووکیٹ نے کہا کہ عام آدمی پارٹی جلد ہی انتخابات کے لیے اپنا منشور جاری کرے گی کیونکہ موجودہ حالات میں عوام بے حد پریشان ہیں اور انہیں نئے اور موثر رہنماؤں کی ضرورت ہے جو ان کے مسائل کو حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی اقتدار میں آکر عوامی مسائل حل کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے،



لاہور، چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود پاکستنگ ٹیلنٹ ہنٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ضمنی انتخابات ن لیگ کی کامیابی، قوم کی خدمت کا نتیجہ ہے، راجہ گلزار ایڈووکیٹ

مظفر آباد (اے ایف بی) پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر مظفر آباد ڈویژن کے نائب صدر راجہ گلزار ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان میں ضمنی انتخابات کا میابی قوم کی خدمت کا نتیجہ ہے، پاکستان کے قومی و پنجاب اسمبلی کی تمام نشستوں پر کامیابی پر قائد میاں محمد نواز شریف اور امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

پاکستان کی فیشن انڈسٹری تیزی سے ترقی کر رہی ہے، شوکت دادا، جنید اقبال

پوری دنیا میں ہمارے ملبوسات، جیولری اور میک اپ آرٹسٹ کی مانگ ہے، تاج، شہباز علی، ثنا مزمل

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف فیشن ڈیزائنرز، جیولری اور بیوٹی ایکسپرٹس نے کہا ہے کہ پاکستان کی فیشن انڈسٹری تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ فیشن ڈیزائننگ، جیولری اور بیوٹی کے شعبوں میں پاکستانی ماہرین نے دنیا بھر میں اپنا لوہا منوایا ہے۔ حکومتی سطح پر ان شعبوں پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار برینڈ Zufaha کے شوکت دادا، جیولری ڈیزائنر امیج جیولری کے جنید اقبال، برینڈ فیشن زون کے تاج اور شہباز علی، برینڈ آمنہ اینڈ ثنا کی ثنا مزمل، برینڈ کے یوسف کی کلثوم یوسف اور سیمی بیوٹی سلون کی سیمی خان نے ایس آر ایف فیشن شو کی اختتامی تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

سیرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر عمل کر کے ہی اُمت مسلمہ متحد ہوسکتی ہے، علامہ حسن رضا زیدی

کانفرنس میں اسکولوں کے طلبا و طالبات نے بہترین صلاحیتوں کا اظہار کیا، سید محمد سبطین نقوی

کراچی (این این آئی) سینئر صحافی و کالم نویس اور جنرل سیکریٹری سید محمد سبطین نقوی نے کہ کنیز فاطمہ میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام و محکمہ ثقافت گورنمنٹ آف سندھ اور آئیڈیل پاکستان فاؤنڈیشن کے تعاون سے 26 سیرت النبی (ص) کانفرنس محمد ابراہیم جویو آڈیٹوریم میں منعقد کی۔ جس میں 80 سے زائد اسکولوں کے طلبا و طالبات نے تقریری، نعت و قرأت کے مقابلوں میں جذبہ ایمانی کے ساتھ بھرپور شرکت کی اور تینوں شعبوں میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس کانفرنس کی صدارت معروف مذہبی اسکالر و علامہ سید حسن رضا زیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ دورِ حاضر کی کامیاب ترین کانفرنس ہے جس میں تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے اسکولز کے طلبا و طالبات نے نبی معظم حضرت محمد مصطفیٰ (ص) کی حیاتِ طیبہ پر بھرپور روشنی ڈالتے ہوئے اتحاد البین المسلمین کے حوالے سے خوبصورت کانفرنس قرار دیا۔

آزاد کشمیر میں آنے والا دور مسلم لیگ ن کا ہی ہوگا‘ میمونہ شاہ

میرپور (اے ایف بی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات محترمہ میمونہ شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ ن میاں نواز شریف کی جماعت ہے اور ہم ان کے وفادار سپاہی ہیں، ان کا منشور عوام کی خدمت ہے، میاں نواز شریف پاکستانی قوم کے محسن ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کا جدید ٹریفک سسٹم، اصلاحات کے نفاذ کا حکم

پنجاب پولیس کا لاہور سمیت صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کریک ڈاؤن جاری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق جدید ٹریفک سسٹم اور اصلاحات کے نفاذ کے لیے جاری اقدامات کے تحت پنجاب پولیس نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا ہوا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3195 افراد گرفتار جبکہ 3215 مقدمات درج کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران 12 ہزار 814 گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور رکشے مختلف تھانوں میں بند کیے گئے۔

وفاقی اردو یونیورسٹی عبدالحق کیمپس میں سندھی ثقافتی دن منایا گیا

پاکستان میں نئے ترامیم لیکر آنے کے بعد ملک کو ڈنڈے کی زور پر چلانے کی کوشش کی جارہی ہے، رہنما

کراچی (این این آئی) سندھی شاگرد ستھ کی جانب وفاقی اردو یونیورسٹی عبدالحق کیمپس میں ایک شاندار ثقافتی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں یونیورسٹی تمام اساتذہ اور طالب علموں نے شرکت کی ساتھ ساتھ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ شعبہ ابلاغ عامہ عرفان عزیز ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سندھی میڈم سیما ابڑو ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سیاسیات میڈم ارم رانی اور دیگر اساتذہ کہ ساتھ ساتھ ولا، سیاسی سماجی لوگ اور صحافیوں نے شرکت کی، اس ثقافتی تقریب میں ولا اور سیاسی سماجی لوگوں نے تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں نئے ترامیم لیکر آنے کے بعد ملک کو ڈنڈے کی زور پر چلانے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن پاکستان کی تاریخ میں جس نے بھی ملک کو ڈنڈے سے چلانے کی کوشش کی ہے وہ خود تباہ اور برباد ہوگئیں ہیں



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے عہدیداران کا گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کے بعد گروپ فوٹو



دبئی، قونصل جنرل حسین محمد دی بگ 5 گلوبل 2025 میں پاکستان پویلین کا باضابطہ افتتاح کر رہے ہیں

روزنامہ بولان
Daily BOLAN Hub Balochistan
موبائل نمبر: 0336-6113760
فون نمبر: 0853-310202
فیکس نمبر: 0853-310202
موبائل ایپ: 0309-7990035
ویب پورٹل: BOLANHUB.NET
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی ٹی پنجگنر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان ماریک حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

قومی یکجہتی، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں

تحریر: محمد شہزاد سیال

اس وقت لازم ہے کہ تمام اہم قومی و ملی سیاسی قوتیں اپنی آئندہ کی حکمت عملی کا تعین کرتے ہوئے اس پر غور کریں کہ مشترکہ مفاد کے حصول کے لئے متفقہ لائحہ عمل کیا ہو سکتا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے ماضی کے تجربات سے سبق سیکھیں اور ان غلطیوں کو دہرانے سے گریز کریں جن کی وجہ سے ہمیں ماضی میں بہت نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ ہمیں اپنے ماضی کے تجربات سے سبق سیکھنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ماضی کے تجربات سے سبق سیکھنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ماضی کے تجربات سے سبق سیکھنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ماضی کے تجربات سے سبق سیکھنا ہوگا۔

افراتفری پاکستان کی طرف بڑھ رہا تھا جو کہ بلکل ناقابل برداشت تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔

اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔

اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔ اس وقت پاکستان کی سلامتی کو بہت بڑا خطرہ لاحق تھا۔

ترقی کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کا سستا ہونا ضروری ہے

تحریر: محمد شہزاد سیال

جو ہمیں ہر گز منظور نہیں ہے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہم اپنے ملک کی سالمیت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

1600 سے 1800 ڈالر فی ٹن فیس ادا کرے گی رپورٹ ہوا ہے

18 ملین ٹن کا ہدف رکھا ہے اور ایک بیان میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس سال 14 بلین ڈالر کی رقم درکار ہے۔ ان میں سے 7 بلین ڈالر کی رقم پہلے ہی حاصل کی جا چکی ہے۔ باقی رقم کے لیے حکومت کو مختلف ذرائع سے قرض لینا ہوگا۔ ان ذرائع میں سے ایک ذریعہ یہ ہے کہ حکومت کو بین الاقوامی منڈی سے بانڈ جاری کرنے ہوں گے۔ ان بانڈز کی مدت 5 سال ہوگی اور ان پر 8.5 فیصد سود ادا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ حکومت کو 1.5 بلین ڈالر کی رقم ایک اور بین الاقوامی منڈی سے حاصل کرنی ہوگی۔ اس کے لیے حکومت کو 10 سال کی مدت کے بانڈز جاری کرنے ہوں گے۔ ان پر 9.5 فیصد سود ادا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ حکومت کو 1.5 بلین ڈالر کی رقم ایک اور بین الاقوامی منڈی سے حاصل کرنی ہوگی۔ اس کے لیے حکومت کو 10 سال کی مدت کے بانڈز جاری کرنے ہوں گے۔ ان پر 9.5 فیصد سود ادا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ حکومت کو 1.5 بلین ڈالر کی رقم ایک اور بین الاقوامی منڈی سے حاصل کرنی ہوگی۔ اس کے لیے حکومت کو 10 سال کی مدت کے بانڈز جاری کرنے ہوں گے۔ ان پر 9.5 فیصد سود ادا کیا جائے گا۔

میانمر کا ماڈل

تحریر: محمد شہزاد سیال

1947 آزاد ہونے والے ملک کو ایسے انتظام سمت کا اوقاف حکومت کی تحریک انصاف پر پابندی لگانے کی تجویز سے سامنے آیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس تجویز کو اس وقت تقویت ملی جب پی ٹی آئی کے بانی عمران خان کے خلاف توشہ خانہ کیس میں سزا سنائی گئی۔ اس کیس میں عمران خان کو 14 سال کی سزا سنائی گئی تھی۔ اس کیس میں عمران خان کو 14 سال کی سزا سنائی گئی تھی۔ اس کیس میں عمران خان کو 14 سال کی سزا سنائی گئی تھی۔ اس کیس میں عمران خان کو 14 سال کی سزا سنائی گئی تھی۔

بنگلہ دیش کی صورت حال

تحریر: جہان خان

بنگلہ دیش میں جاری طویل مظاہرے پر تشدد اور خونی کھیل اختیار کر گئے ہیں۔ سیاسی بے راہ روی اموات اور ایک درجن سے زائد سرکاری دفاتر میں آگ زنی کے واقعات نے ملک کو شدید بحران میں مبتلا کر دیا ہے۔ ان مظاہروں کی وجہ سے ملک کے مختلف علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ ان مظاہروں کی وجہ سے ملک کے مختلف علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ ان مظاہروں کی وجہ سے ملک کے مختلف علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ ان مظاہروں کی وجہ سے ملک کے مختلف علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔

وزیر اعظم کے نیکس ریفنڈ میں 800 ارب روپے کے گھپلے کی نشاندہی

تحریر: محمد شہزاد سیال

وزیر اعظم شہباز شریف نے مختلف عدالتوں میں زیر التوا ٹیکس ریفنڈ کے تنازعات جلد نمٹانے کے لیے ایک ٹیکس ریفنڈ کمیٹی تشکیل دی ہے۔ اس کمیٹی کے چیئرمین وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ہیں۔ کمیٹی کا پہلا اجلاس 17 روپے فی کلو تک پہنچ گیا ہے۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ اور کسٹم کے محکموں کی تنظیم نو کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ اور کسٹم کے محکموں کی تنظیم نو کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ اور کسٹم کے محکموں کی تنظیم نو کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ اور کسٹم کے محکموں کی تنظیم نو کی جائے گی۔

تحریر: منصور انصاری

پاکستان کی معیشت اور سیاست کے لئے یہ جملہ کئی دہائیوں سے ایک تلخ حقیقت کی طرح ہمارے ساتھ ہے۔ پہلی مرتبہ اس کا استعمال کس نے کیا، یہ تو شاید کوئی نہیں جانتا، مگر اس کی گونج ہر دور میں سنائی دی ہے۔ کبھی کسی حکومت کے خاتمے کے بعد، کبھی کسی بحران کے عروج پر، اور کبھی کسی سیاسی انتشار کے لمحے میں۔ ہر بار یہ جملہ ایک نئی شکل میں سامنے آتا ہے، مگر اس کا مفہوم ایک ہی رہتا ہے: ملک کو ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو سخت فیصلے کر سکے، جو عوام کی مقبولیت کی پروا کیے بغیر ریاست کو بچا سکے۔ یہ سوچ بظاہر مضبوط دکھائی دیتی ہے، لیکن اس کے اندر ایک خطرناک مغالطہ چھپا ہوا ہے۔ یہ مغالطہ یہ ہے کہ جیسے سیاست اور ریاست دو الگ الگ دنیائیں ہیں، جیسے ایک کو دوسرے کی قربانی دینی پڑتی ہے۔ حالانکہ تاریخ ہمیں بار بار یہ سکھاتی ہے کہ جب ریاست عوام سے کٹ جاتی ہے تو وہ صرف کمزور نہیں ہوتی، وہ خطرناک بھی ہو جاتی ہے۔ ایسی ریاست اپنے ہی شہریوں کو دشمن سمجھنے لگتی ہے، اور یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب سیاست کی جگہ طاقت لے لیتی ہے۔

تحریر: میمونہ فاطمہ

وقائع نویس نے پاکستان کے ساتویں نیشنل مکالمہ میں شرکت کی۔ اس مکالمہ کا موضوع تھا ”پاکستان کی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کا سستا ہونا ضروری ہے“۔ اس مکالمہ کا انعقاد 17 اکتوبر 2026ء کو اسلام آباد میں کیا گیا۔ اس مکالمہ کا اہتمام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) نے کیا تھا۔ اس مکالمہ کا مقصد پاکستان کی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کا سستا ہونا ضروری ہے۔ اس مکالمہ کا مقصد پاکستان کی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کا سستا ہونا ضروری ہے۔ اس مکالمہ کا مقصد پاکستان کی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کا سستا ہونا ضروری ہے۔

پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی

تحریر: سمیرہ قریشی

اور وقائع نویس نے پاکستان کی 30 ملک میں شامل ہے جن کی شرح صنوب ہے زیادہ ہے۔ اس کے تحت آبادی میں ہر سال 2 فیصد کا اضافہ ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے پاکستان کی آبادی ہر سال 4 کروڑ 14 لاکھ 90 ہزار سے بڑھ رہی ہے۔ اس کی وجہ سے پاکستان کی آبادی ہر سال 51.5 فیصد اور 48.5 فیصد خواتین ہیں۔ اس طرح پاکستان کی آبادی 61 کروڑ 61 لاکھ 61 ہزار 39 فیصد ہے۔ آبادی میں اضافے کی شرح 2.55 فیصد ہے۔ اس کی وجہ سے پاکستان کی آبادی 2050ء تک پاکستان کی آبادی دگنا ہو جائے گی۔ اس کے مطابق پاکستان کی آبادی 2040ء تک 80 فیصد خواتین ہیں۔ اس طرح پاکستان کی آبادی 2040ء تک 80 فیصد خواتین ہیں۔ اس طرح پاکستان کی آبادی 2040ء تک 80 فیصد خواتین ہیں۔ اس طرح پاکستان کی آبادی 2040ء تک 80 فیصد خواتین ہیں۔

اسرائیلی گواہ نے تاموسیہ

سات آکتوبر کے بعد سے اب اسرائیلی جنوں میں وردان ٹیلیگن ساتھ تقریباً ہر روز ہی ٹیلیگن قیدی ہوتی ہیں۔ ہر روز ہی اسرائیلی بمباری سے درجنوں فلسطینی شہری ہلاک ہوتے ہیں۔ ہر روز ہی اسرائیلی فوج کے ہاتھوں فلسطینی قیدیوں کی توہین اور تشدد کی خبریں آتی ہیں۔ ان سب کے باوجود اسرائیلی میڈیا اور عدالتوں میں ہر روز ہی اسرائیلی فوجیوں کی جانب سے فلسطینی قیدیوں کے ساتھ بدسلوکی کے واقعات کو رکوانے کی درخواستیں دائر کی جاتی ہیں۔ ان درخواستوں کو اسرائیلی عدالتیں مسترد کر دیتی ہیں۔ ان کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ان واقعات کو ثابت کرنے کے لیے کوئی گواہ موجود نہیں ہے۔ یہ بات درست ہے کہ ان واقعات کو ثابت کرنے کے لیے کوئی گواہ موجود نہیں ہے۔ یہ بات درست ہے کہ ان واقعات کو ثابت کرنے کے لیے کوئی گواہ موجود نہیں ہے۔ یہ بات درست ہے کہ ان واقعات کو ثابت کرنے کے لیے کوئی گواہ موجود نہیں ہے۔

تحریر: دوست الدین خان

فلسطینیوں کی جمعی شہادت نے دنیا بھر میں ہر ذی شعور انسان کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ ہر طبقہ زندگی کے لوگ اس ظلم و بربریت کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ ان میں ہر ملک اور ہر طبقہ زندگی کے لوگ شامل ہیں۔ ان میں ہر ملک اور ہر طبقہ زندگی کے لوگ شامل ہیں۔ ان میں ہر ملک اور ہر طبقہ زندگی کے لوگ شامل ہیں۔ ان میں ہر ملک اور ہر طبقہ زندگی کے لوگ شامل ہیں۔

سسٹم کو خطرے سے نہ ڈالیں

تحریر: علیزہ سلیمان

ڈاکٹروں کو کتنے مسائل سے گزرنا پڑتا ہے، یہ ہم سب جانتے ہیں۔ ہڑتال کرنا ان کا حق ہے، مگر ہڑتال کے دوران ایمرجنسی سروسز کو بند کر دینا، مریضوں کو بیچ راستے میں چھوڑ دینا، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ہڑتال کے دوران ایمرجنسی سروسز کو بند کر دینا، مریضوں کو بیچ راستے میں چھوڑ دینا، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ہڑتال کے دوران ایمرجنسی سروسز کو بند کر دینا، مریضوں کو بیچ راستے میں چھوڑ دینا، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ہڑتال کے دوران ایمرجنسی سروسز کو بند کر دینا، مریضوں کو بیچ راستے میں چھوڑ دینا، یہ کہاں کا انصاف ہے؟

بیروزگاری اہم ترین مسئلہ

تحریر: عمران خان

کام سے محروم ہیں جبکہ 15 سے 24 سال کے نوجوانوں میں بے روزگاری کی شرح 10.6 فیصد ہے جو کہ ملکی اوسط سے تقریباً دگنا ہے۔ ان اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ نوجوان طبقہ کس قدر مشکلات کا شکار ہے۔ ان مشکلات کی وجہ سے نوجوان طبقہ کس قدر مشکلات کا شکار ہے۔ ان مشکلات کی وجہ سے نوجوان طبقہ کس قدر مشکلات کا شکار ہے۔ ان مشکلات کی وجہ سے نوجوان طبقہ کس قدر مشکلات کا شکار ہے۔

میونسپل کمیٹی کی صفائی مہم شروع

میونسپل کمیٹی کی صفائی مہم شروع ہو گئی۔ میونسپل کمیٹی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی۔ میونسپل کمیٹی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی۔ میونسپل کمیٹی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی۔ میونسپل کمیٹی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی۔

ٹریفک حادثہ، 3 افراد جاں بحق

ٹریفک حادثہ میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔

ڈکیتی کی کوشش ناکام

ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔

ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔

ڈکیتی کی کوشش ناکام

ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔



اسلام آباد، وفاقی پولیس اور پاکستان ایئرفورس کے درمیان معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

غزہ میں جاری ظلم انسانیت کی توہین، عالمی برادری کی خاموشی افسوسناک ہے، پیر ارشد کاظمی

آج کی دنیا کا نظام، جو مذہب و انسانیت کے اصولوں سے بیگانہ ہو چکا ہے



راولپنڈی، صدر چیمبر آف کامرس عثمان شوکت کی جانب سے کونسل آف اکنامک اینڈ انرجی جرنلسٹس کے وفد کو شیلڈ دے رہے ہیں

ٹرمپ انتظامیہ کا غزہ سے 10 لاکھ فلسطینیوں کو مستقل لیبیا منتقل کرنے کا منصوبہ

پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، اس پروان چڑھتا دیکھنا چاہتی ہے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان

ذمہ دار میڈیا نہ صرف معاشرے کے مسائل کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ جمہوری اقدار کو بھی فروغ دیتا ہے، گورنر پنجاب



اسلام آباد، ایک موٹر سائیکل سوار سڑک کنارے دکاندار سے مٹی کے برتن خرید رہا ہے

چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کا ناظم آباد ٹاؤن کی مختلف یوسیز کا دورہ

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈ آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 22ویں بیچ کا اختتام

طلباء و طالبات کی شرکت، سینئر پولیس افسران نے پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے

میڈیکل کالجز میں فیسوں اور معیار و شکایات پر سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کا اہم اجلاس

پی ایم اینڈ ڈی سی میڈیکل کالجز کی فیکلٹی کا ڈیٹا دیکھیں تو شاندار معیار پورا اترتیں، رکن کمیٹی

ڈاؤ لینس کی موسمیاتی اور بائیو اوری میں جدت کی غرض سے این ای ڈی یونیورسٹی کے ساتھ شراکت داری

امہ ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان کے تحت کورنگی میں بھی امہ سستا دستر خوان کا آغاز

امہ سستا دستر خوان 2 کورنگی میں ایک وقت میں 160 افراد ایک ساتھ کھا سکتے ہیں اور روزانہ 500 سے 600 افراد مستفید ہوں گے

گوادر، پاک ایران سرحدی تجارت میں رکاوٹوں و کوسٹ گارڈ کے رویہ کیخلاف مقامی افراد کا احتجاج

راولپنڈی، کانسٹیبل کو زخمی کرنے والے مجرم تیمور علی کو 13 سال قید، ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا

مجرم کو زخمی کانسٹیبل محمد آصف کو دو لاکھ روپے دامان ادا کرنے کا بھی حکم دیا گیا



فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کھلی کچہری کے دوران آئے ہوئے سائلین کی شکایات سن رہے ہیں

مہنگائی کی شرح میں مسلسل تیسرے ہفتے کمی کے باوجود 21 اشیاء مزید مہنگی

پیٹرولیم مصنوعات، گھی، چینی، دالیں، گڑ مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں



اسلام آباد، بیکن ہاؤس کالج چوھدریارک کے طلباء کا ٹریفک رولز پر کتابچہ کے موقع پر پولیس افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

معروف ادارے کی ملک میں مہنگائی اور شرح سود میں مزید کمی کی پیشگوئی

رواں مالی سال مہنگائی کی سالانہ شرح 2.5 فیصد سے کم ہو کر 3 فیصد تک رہنے کا امکان ہے، ریسرچ رپورٹ

راولپنڈی، ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، شراب سپلائر گرفتار، 80 بوتل دیسی شراب برآمد

چینی کمپنی نے الیکٹرک وہیکلز و چارجنگ اسٹیشنز میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کردی

پنجاب کو سرمایہ کاری کا مرکز بنا دیا، اب یہاں سرمایہ کاری کا بہترین وقت ہے، چوہدری شافع حسین

اسلام آباد تھانہ آبپارہ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

مخالفین نے دونوں ہوٹلوں پر قبضہ کر کے ایک کروڑ روپے کی رقم اپنے قبضے میں لے لی ہے، محمد زکریا

مخالفین کی جانب سے مسلسل ہراساں کرنے کے ساتھ 5 کروڑ روپے کا بھتہ طلب کیا جا رہا ہے، سائلہ

راولپنڈی تھانہ بنی پولیس کی کارروائی، ضرر مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

القادر یونیورسٹی فیصلہ تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، پی ٹی آئی بلوچستان

یہاں انصاف کا عجب پیمانہ ہے جس نے ملک کو فائدہ پہنچایا اس کو سزا اور نقصان پہنچانے والا عیاشیاں کر رہا ہے، حمزہ خان ناصر



لیہ، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ہسپتال میں انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

سی ڈی اے مزدور یونین واحد نمائندہ تنظیم ہے جو ہر محاذ پر ملازمین کا تحفظ کر رہی ہے، چوہدری محمد یٰسین

مخالفین دوبارہ ملازمین کو مستقبل دلانے کا خواب دکھا کر سیاسی کھیل کھیل رہے ہیں، اورنگزیب خان

GOVERNMENT OF PAKISTAN
CABINET SECRETARIAT
CABINET DIVISION
JOB OPPORTUNITIES FOR BALOCHISTAN DOMICILE HOLDERS

Applications are invited from talented, qualified and motivated candidates possessing a valid domicile of Balochistan province for appointment against the following post.

SN	Designation & BPS	Qualification	Age limit		No. of Post
			Minimum	Maximum	
01	Stenotypist (BS-14)	I. Intermediate ii. Minimum speed of 80/40 words per minute in Shorthand and Typing respectively. iii. Must be computer literate.	18 years	25 years	02

Terms and conditions: -

1. Applications must be submitted through National Job Portal (http://njp.gov.pk) using the dedicated tab created for this recruitment exercise on or before **10.11.2026.**
2. Incomplete applications or applications received after the closing date will not entertained.
3. Applicants already in government service or in the service of autonomous bodies, corporations, etc.must apply through proper channel after obtaining NOCs from their respective departments/organizations.
4. Only shortlisted candidates will be called for test / interview and no TA/DA shall be admissible for test / interview.
5. In addition to existing five years general relaxation in upper age limit under prevailing Government rules/ policy, all candidates will also be allowed an upper age relaxation of five years instead of existing three years only for this special exercise.
6. For posts up to BS-16 requiring trainable skills, such as typing, shorthand or basic computer proficiency, a one-time relaxation of the requirement to possess the prescribed skill at the time of initial appointment will be allowed in cases where none of the candidates have any certifications at the time of the selection. Their proficiency shall be assessed before confirmation, and failure to acquire it shall be dealt with under the applicable probation and service rules.
7. The competent authority reserves the right to increase or decrease the number of vacancies, cancel or withdraw the recruitment process, or reject any application in accordance with the rules.
8. Deputy Director (IT), Cabinet Division can be contacted on 051-9103469 for any technical assistance for applying on National Job Portal.

PID (I) No.3765/26

(Ali Nawaz)
Section Officer (Admin-I)
2nd Floor, Room No.2048, Cabinet Secretariat,
Cabinet Division, Islamabad. Tele: 051-9206487

عمران خان کو سزا کی وجہ سے ملک میں سیاسی عدم استحکام نہیں آئے گا، شازیہ کھوڑو

بانی پی ٹی آئی اگر خود کو بے گناہ ثابت کرنا چاہتے ہیں تو سزا کے خلاف عدالت میں اپیل دائر کریں، رہنما پیپلز پارٹی سندھ

بھارتی فورسز کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری

بھارت مقبوضہ کشمیر میں عالمی قوانین کی سنگین پامالی کر رہا ہے، حریت کانفرنس

شہری و پولیس افسران مسائل کے حل کیلئے آئی جی اسلام آباد کی کچہری میں پیش

سید علی ناصر رضوی نے مسائل کے حل کیلئے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

ایف اے او کی نمائندہ فلورنس رول کا کوئٹہ کا دورہ

پائیدار زراعت، لائیو اسٹاک اور پانی کے انتظام کے منصوبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے کیلئے ملاقاتیں



ملتان، واپڈا ٹاؤن میں اسفالٹ ہموار مشینری کے ساتھ سڑکوں پر کارپٹنگ کا کام جاری ہے

اسرائیل نے غزہ میں 15 لاشیں واپس کیں، ریڈ کراس کے حوالے کر دیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

تمام مسلمان ممالک فلسطین کی بحالی و تعمیر نو میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے



SPORTS سپورٹس

ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ، قومی ٹیم مصر چلی گئی

بہتر نتائج کیلئے پر امید ہیں، قوم کو اچھی خبر دینگے، خواجہ جنید

اسلام آباد(سپورٹس نیوز) ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ میں شرکت کیلئے قومی ہاکی ٹیم مصر چلی گئی۔قومی ہاکی ٹیم اسلام آباد ایئرپورٹ سے مصر کیلئے روانہ ہوئی۔ روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ہاکی ٹیم کے ہیڈ کوچ خواجہ جنید نے کہا کہ وہ کوالیفائنگ راؤنڈ میں بہتر نتائج کے لیے پرامید ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ قوم کو اچھی خبر دیں گے، ماضی کو بھلا کر تمام تر توجہ مستقبل اور کارکردگی پر مرکوز ہے۔خواجہ جنید نے کہا کہ نئی ذمہ داری کو ایک بڑے چیلنج کے طور پر قبول کیا ہے اور کھلاڑی بھرپور محنت کر رہے ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ ٹیم میدان میں سو فیصد کارکردگی دکھائے گی۔ایڈہاک صدر محی الدین وانی نے بھرپور سپورٹ فراہم کی ہے جس سے کھلاڑیوں کے حوصلے بلند ہیں۔ہیڈ کوچ نے قوم سے اپیل کی کہ وہ ٹیم کی کامیابی کے لیے دعا کریں تا کہ قومی ٹیم عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکے۔پاکستان ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ کے گروپ بی میں شامل ہے،گرین شرٹس اپنا پہلا میچ یکم مارچ کو چین کے خلاف کھیلیں گے، دو مارچ کو ملائیشیا جبکہ تین مارچ کو آسٹریا کے مدمقابل ہوں گے۔

عماد وسیم نے سابقہ اہلیہ کو قانونی نوٹس ارسال کردیا

نومبر 2023 میں ورلڈ کپ میں شرکت کیلئے امریکا روانگی کا فیصلہ میاں بیوی کی باہمی رضامندی سے کیا گیا تھا، وکیل

پاکستانی آل راؤنڈر عماد وسیم نے اپنی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات پر خاموشی توڑ دی ہے۔تفصیلات کے مطابق عماد وسیم کی قانونی ٹیم نے ثانیہ اشفاق کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات بے بنیاد اور جھوٹے قرار دے دیئے۔اس سلسلے میں عماد وسیم کی قانونی ٹیم نے ثانیہ اشفاق کو باضابطہ طور پر قانونی نوٹس بھی ارسال کر دیا ہے۔عماد وسیم نے ایکس پر صحافی ریاض الحق کی ایک ویڈیو ری پوسٹ کی جس میں ایڈووکیٹ عالیہ زرین عباسی نے دعوی کیا کہ ثانیہ اشفاق کا عماد وسیم پر زبردستی ابارشن کروانے کا الزام مکمل طور پر بے بنیاد ہے۔ایڈووکیٹ عالیہ زرین عباسی نے کہا کہ عماد وسیم کی قانونی ٹیم نے اس معاملے میں تمام ضروری میڈیکل ریکارڈز جمع کر لیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نومبر 2023 میں ورلڈ کپ میں شرکت کے لیے امریکا روانگی کا فیصلہ میاں بیوی کی باہمی رضامندی سے کیا گیا تھا، جس کی تصدیق متعلقہ ڈاکٹرز بھی کر سکتے ہیں۔نومبر 2023 میں متحدہ عرب امارات، آسٹریلیا اور انگلینڈ کے دوروں کا مکمل ریکارڈ بھی حاصل کر لیا گیا ہے جو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ایڈووکیٹ عالیہ زرین عباسی نے مزید کہا کہ نومبر 2024 میں باہمی اختلافات کے باعث دونوں کے درمیان علیحدگی ہوگئی تھی، اس وقت ثانیہ اشفاق حاملہ تھیں، لہذا بچے کی پیدائش تک انتظار کیا گیا جس کے دوران تمام اخراجات عماد وسیم نے خود برداشت کیے۔ان کا کہنا تھا کہ جولائی 2025 میں بیٹے کی ولادت کے بعد تینوں بچوں کی تمام ذمہ داریاں بھی عماد وسیم ہی ادا کر رہے ہیں۔واضح رہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر عماد وسیم نے حال ہی میں سوشل میڈیا انفلوئنسر نائلہ راجہ سے شادی کی ہے، جس کی ویڈیو ان کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق نے سوشل میڈیا پر شیئر کی اور شدید نوعیت کے الزامات عائد کیے۔






نمبیا، باسکٹ بال میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے کوشش کر رہے ہیں

معین علی پاکستانی کرکٹرز کی حمایت میں ڈٹ گئے

دی ہنڈرڈ میں بھارتی مالکان نے نظرانداز کیا تو آواز اٹھائیں گے، انگلش اسٹار

کراچی:(سپورٹس نیوز)معین علی پاکستانی کرکٹرز کی حمایت میں ڈٹ گئے، انگلش آل راؤنڈر نے خبردار کیا کہ اگر کھلاڑیوں کو یہ محسوس ہوا کہ دی ہنڈرڈ میں پاکستانیوں کو بھارتی مالکان کی جانب سے جان بوجھ کر نظرانداز کیا جا رہا ہے تو وہ اس کے خلاف آواز اٹھائیں گے،اس نوعیت کا امتیازی سلوک برطانیہ میں نہیں ہو سکتا۔ایک انٹرویو میں انھوں نے کہا کہ پاکستانی کرکٹرز کو محض ان کی قومیت کی بنیاد پر نظر انداز کرنا انتہائی افسوسناک ہوگا، انگلش بورڈ اس معاملے کی روک تھام کے لیے اقدامات کرے۔انھوں نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ برطانیہ میں ایسا ہوسکتا ہے، ہمیں انتظار کرنا ہوگا کہ کیا ہوتا ہے لیکن اگر ایسا ہوا تو یہ بہت افسوسناک ہوگا، مجھے یقین ہے کہ ای سی بی اس پر نظر رکھے گا۔اگر کھلاڑیوں کو لگا کہ دی ہنڈرڈ کی ٹیموں کے مالکان امتیازی رویہ اختیار کررہے ہیں تو وہ متحد ہو کر آواز اٹھائیں گے، پلیئرز کا ایک گروپ ضرور بولے گا۔میرا خیال ہے کہ جس کھلاڑی کو بھی اس قسم کے معاملات پر تشویش ہو اسے کچھ کہنا چاہیے، چاہے اس کا پاکستانی پس منظر ہو یا نہ ہو آواز اٹھانی چاہیے، یہ خبر ابھی نئی ہے، اس لیے میں نے زیادہ لوگوں سے بات نہیں کی لیکن بیشتر کھلاڑی ایک ہی سوچ رکھتے ہوں گے۔ دوسرے ممالک یقیناً اپنے فیصلے خود کرتے ہیں لیکن برطانیہ میں ہمیں ان معاملات پر کچھ زیادہ اختیار حاصل ہے،اس طرح کے معاملات کافی عرصے سے چل رہے ہیں اور اب ان کا حل نکالنے کا وقت آ گیا ہے، یہ مناسب نہیں اور واضح طور پر مخصوص لوگوں کے خلاف امتیاز ہے، ایسا رویہ انتہائی افسوسناک ہے۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ اس پر زیادہ بات نہیں کی جاتی، خاص طور پر اعلی سطح پر کوئی ذکر نہیں کرتا، لوگ شاید اس لیے نہیں بولتے کہ کسی مشکل میں نہ پڑ جائیں۔انھوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ بھارت اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں خرابی کے بعد بنگلہ دیشی کھلاڑی بھی ایسے رویے کا سامنا کر سکتے ہیں۔معین علی نے تسلیم کیا کہ کھلاڑیوں کے لیے اس معاملے بات کرنا آسان نہیں کیونکہ اس کے ان کے کیریئر پر اثرات پڑ سکتے ہیں، یہ ٹیمیں دنیا بھر کی ہر لیگ میں موجود ہیں، نوجوان کھلاڑی مشکل پوزیشن میں ہوتے ہیں، البتہ میرے جیسے سینئر کھلاڑی کو اب زیادہ فکر نہیں ہوتی۔انھوں نے کہا یہ ثابت کرنا مشکل ہے کہ کسی کھلاڑی کو اس کے پس منظر کی وجہ سے نظر انداز کیا گیا تاہم اگر کئی سال تک پاکستانی کھلاڑی منتخب نہ کیے جائیں تو معاملہ واضح ہو جائے گا۔جب گزشتہ سال دی ہنڈرڈ کی ٹیمیں فروخت کی جا رہی تھیں تو ای سی بی شاید اس پہلو پر زیادہ غور نہ کر سکا کیونکہ انگلینڈ میں ہمارا ذہن اس طرح نہیں سوچتا۔معین علی نے خواہش ظاہر کی کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان انگلینڈ کے نیوٹرل مقام پر میچز ہوں، یہ ٹیسٹ کرکٹ کے لیے شاندار اور شائقین کی تعداد و جوش ناقابلِ یقین ہوگا۔



☆☆☆☆☆☆☆☆

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کوالیفائر کا پول سٹیج اختتام پذیر

پول بی سے بہاولپور ریجن نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کے لیے کوالیفائی کرلیا

اسلام آباد(این این آئی) نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کوالیفائر کا پول سٹیج اختتام پذیر، پول بی سے بہاولپور ریجن نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کے لیے کوالیفائی کرلیا، پول اے سے کراچی ریجن بلوز نے کوالیفائی کیا تھا ،گزشتہ روز کھیلے جانے والے پہلے میچ میں بہاولپور نے فاٹا کو 38 رنز سے ہرادیا ، بہاولپور کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 135 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی، جواب میں فاٹا محض 97 رنز پر ڈھیر ہوگئی ، بہاولپور کے محمد جنید کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی، بیٹنگ میں 17 گیندوں پر تین چوکے اور ایک چھکا لگا کر 25 رنز بنائے ، باؤلنگ میں جنید اپنی لیفٹ آرم سپن کی مدد سے چار اوورز میں 16 رنز کے عوض پانچ وکٹیں لینے میں کامیاب ہوئے، فاٹا کی جانب سے خوشدل شاہ کی تین جبکہ خبیب خلیل نے تین وکٹیں حاصل کیں، پول سٹیج کے آخری میچ میں حیدرآباد کے پاس بھی کوالیفائی کرنے کا موقع تھا مگر راولپنڈی نے انہیں چھ وکٹوں سے شکست دی ، حیدرآباد نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں نو وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے ، دانیال حسین راجپوت 14 گیندوں پر دو چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 31 رنز بنا کر نمایاں رہے،

پی ایس ایل سیزن 11 کا ابتدائی شیڈول تیار

افتتاحی میچ میں لاہور قلندرز قذافی اسٹیڈیم میں نئی فرنچائز حیدرآباد ہیوسٹن کنگز مین سے مقابلہ کریں گے

